دسمبر 2001
قیمت 20 روپے

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

روحانی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین......ایک پاکیزہ ماہنامہ

## اعمال حکیم طمطم ہندی

## خدمت الملک معروف

## انکشافات رمل

## خاتمہ سحر و جادو 100 طریقے

## بانڈ نمبر کب خریدیں

## عربی کتب کے ترجمے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# خالد روحانی جنتری

2002

شائع ہو چکی ہے

ایک ایسی قیمتی جنتری جو اپنے دامن میں قیمتی عملیات اور ٹوٹکوں سے

[illegible]

**آج ہی طلب کریں**

قیمت ۶۰ روپے

ڈاک خرچ ۲۰ روپے

ماہنامہ رہنمائے عملیات
free copy
khalidrathore.com
LuraTech
Document Processing Solutions

ماہ دسمبر 2001ء
قیمت 20 روپے

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

ایڈیٹر
خالد اسحاق راٹھور

پبلشر وچیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

لاہور
خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور
فون 6374864 (042) موبائل 0300 8442060

کراچی
آفس 102 فسٹ فلور محمد مصطفی ٹریڈ سنٹر C-926,927 (نزد مدینہ مسجد بالمقابل لبنی شوز) بلاک 2، P.E.C.H.S. سوسائٹی طارق روڈ کراچی
فون 4389601 (021) موبائل 0300 8442060

وقت ملاقات صرف دن 11 بجے تا شام 5 بجے تک

سب ایڈیٹر
ارشد اسحاق راٹھور

## اس شمارے میں



| | | | |
|---|---|---|---|
| نکتہ فکر | 2 | عید الفطر۔خوشی اور مغفرت کا مبارک دن | 19 |
| اعمال حکیم اعظم ہندی | 4 | محفل حاضرات | 22 |
| عملیات نادرہ | 5 | سحر و جادو اور شفاء امراض | 23 |
| پاکستان کے فلکیاتی حالات | 7 | آپ کا برج | 24 |
| حضرت شیخ محمد میاں میر | 8 | برج قوس | 30 |
| بانڈ نمبر | 10 | خزینہ عملیات | 33 |
| الطوائع الحد سیۃ للرجال والنساء | 12 | تنویم اور سحر | 47 |
| خدمت الملک معروف | 14 | جنتر منتر | 50 |
| انکشافات رمل | 15 | | |
| خاتمہ سحر و جادو 100 طریقے | 17 | | |



قیمت 20 روپے
زر سالانہ 250 روپے
رجسٹرڈ ڈاک 400 روپے
بیرون ملک 35 ڈالر (سالانہ)

**For bank draft**
M/s Rahnuma-i-amaliyat,
A/c 1392-35, Habib Bank
Limited, Allama Iqbal
Road, Lahore, Pakistan

www.kirathor.20m.com
kirathor@yahoo.com

ناشر شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر الامین ٹریڈرز لاہور
شمارہ 9
جلد 5

free copy
khalidrathore.com
Lunatech Document Processing Solutions

# نکتہء فکر

## ہدف

ہدف کے لغوی معنی ''نشانہ، زد اور مار'' کے ہیں۔ اسی حوالے سے ہدف سے مراد وہ منزل بھی لی جاتی ہے جس کو سامنے رکھ کر فرد اس کے حصول کی کوشش کرتا ہے۔

حقیقی کامیابی کے حصول کے لیے درست اور موزوں ہدف کا تعین خاص اہمیت کا حامل ہے۔

بامعنی اور بامقصد ہدف صرف وہ نہیں ہوتا جو اچھی سوچ کے ساتھ پروان چڑھے بلکہ ایسا ہدف وہ ہوتا ہے جو اس امر کے ساتھ ایک بڑی منزل اور انتہائی کامیاب شخصیت کو مدنظر رکھ کر متعین کیا گیا ہو۔

چھوٹے ہدف چھوٹی کامیابی اور بڑے ہدف بڑی کامیابی لاتے ہیں۔ گو بڑی کامیابی از خود چھوٹی چھوٹی کامیابیوں سے مل کر بنتی ہے۔ تاہم بڑی کامیابی اس وقت ہی حاصل ہوتی ہے۔ جب ہدف بھی بڑا ہو۔

اس کائنات کی وسعت لامحدود ہے اور ایک فرد زندگی میں جتنی کامیابیاں حاصل کر سکتا ہے وہ لاتعداد ہیں۔ اور ایک فرد کس بلندی کو چھو سکتا ہے تو یہ بھی غیر متعین امر ہے۔

جس قدر آپ کا ہدف عظیم ہوگا اس قدر بلندی کو آپ چھو سکتے ہیں اور جس قدر آپ کا ہدف چھوٹا اور غیر اہم ہوگا۔ اسی قدر کامیابی کا حجم مختصر ہوگا۔ ایک عظیم کامیابی صرف اور صرف ایک بڑے ہدف کی مرہون منت ہوتی ہے۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

ایڈیٹر راہنمائے عملیات۔

free copy
khalidrathore.com
LUPTech Document Processing Solutions

# دورہ کراچی

قارئین راہنمائے عملیات کے مسلسل اصرار پر خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات نے ماہ نومبر میں کراچی کا دورہ کیا۔ قارئین اور دوستوں کے اصرار پر اس سلسلے کو مستقل پروگرام کی شکل دے دی گئی ہے۔ اور اب انشاء اللہ تعالیٰ آپ ہر ماہ کی 5 تا 15 تاریخ تک کراچی میں قیام کریں گے۔ سامنے دیئے گئے نقشے میں لاہور اور کراچی میں قیام کے اوقات اور دیگر امور کی تفصیل دی گئی ہے۔

## لاہور (ہیڈ آفس)

ہر ماہ کی

☆ یکم تا 4 تاریخ تک اور

☆ 16 تا 30 تاریخ تک

رابطہ مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

فون 6374864 (042) موبائل 0300 8442060




## کراچی (برانچ آفس)

ہر ماہ کی

☆ 5 تا 15 تاریخ تک

رابطہ آفس 102، فسٹ فلور محمد مصطفیٰ ٹریڈ سنٹر C-926,927، (نزد مدینہ مسجد بالمقابل لبنیٰ شوز) بلاک 2، P.E.C.H.S. سوسائٹی طارق روڈ کراچی

فون 4369601 (021) موبائل 0300 8442060




اوقات کار: صبح 11-00 تا شام 5-00 بجے تک صرف

# سالانہ خریداری

راہنمائے عملیات گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے کوپن مکمل کر کے ادارے کو ارسال کر دیں۔ آپ کو سال بھر راہنمائے عملیات ہر ماہ باقاعدگی سے ملتا رہے گا۔ زرسالانہ بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔

☆ آپ اپنے کسی دوست عزیز یا بزرگ کے نام بھی ماہنامہ راہنمائے عملیات بطور تحفہ جاری کروا سکتے ہیں ☆

نام ______________ فون نمبر ______________

پتہ ______________________________

رقم جو ارسال کی جا رہی ہے ______________

☆ رجسٹرڈ ڈاک سے پرچہ منگوانے کے لیے رعایتی قیمت 400 روپے جمع کروانی ہوگی۔ ☆ عام ڈاک سے پرچہ منگوانے پر آپ کو رعایتی قیمت 250 روپے جمع کروانی ہوگی۔ (عام ڈاک گم ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا)۔ (تمام سالانہ خریداروں کو متعلقہ سال کی خالد روحانی جنتری مفت دی جائے گی)۔

رابطہ۔ خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور۔

free copy
khalidrathore.com

# اعمال

# حکیم طمطم ہندی

از: خالد اسحاق راٹھور۔

حکیم صاحب کا ایک خاص عمل جو صاحب اقتدار و قوت کی تسخیر کے لیے استعمال ہوتا ہے ذیل میں شرح و بسیط کے ساتھ تحریر کر رہا ہوں۔

**عمل:** زہرہ اور مشتری یا کوئی اور سعدین حالت تثلیث میں ہوں اور ساعت سعد ہو تو آیت کریمہ **"والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم "** کے اعداد میں اپنا نام بادشاہ کا نام اور اسم الٰہی "ودود" کے اعداد شامل کر کے ایک لوح بنقرہ مربع تیار کرو۔ لوح کی پشت پر درج ذیل چار اسم تحریر کرو۔

**"یا طھیال یا مکیال یا اصباوت یا اھیا"**

اس سارے عمل میں منہ میں شیرینی رکھیں اور عمل کی عبارت و اعداد کے علاوہ کوئی دوسرا حرف یا عدد عمل کے مکمل ہونے سے پہلے تحریر نہ کریں۔

و ا ل ح ک م ا ل ہ و ا ح د

٦ ١ ٣٠ ٨ ٢٠ ٤٠ ١ ٣٠ ٥ ٦ ١ ٨ ٤

ل ا ا ل ہ ا ل ا ہ و ا ل ر

٣٠ ١ ١ ٣٠ ٥ ١ ٣٠ ١ ٥ ٦ ١ ٣٠ ٢٠٠

ح م ن ا ل ر ح ی م

٨ ٤٠ ٥٠ ١ ٣٠ ٢٠٠ ٨ ١٠ ٤٠ = ٨٨٨

مندرجہ بالا سطور میں آیت زیر بحث کے اعداد استخراج کر دیئے گئے ہیں۔ ان میں حسب قاعدہ فرد اور بادشاہ یا حاکم جس کی تسخیر مطلوب ہے کے نام کے اعداد بمعہ اسم الٰہی "ودود" کے اعداد جمع کر کے سونے کے پترے پر مربع نقش سعدین کی نظر تثلیث میں کندہ کروالیں۔ بادشاہ یا حاکم کے پاس جاتے ہوئے لوح کو اپنے پاس رکھیں۔ اللہ حامی و مددگار ہو اور فرد متعلقہ تسخیر ہو گا۔

**نوٹ: حکیم طمطم ہندی کے اعمال کا یہ سلسلہ اگلے ماہ بھی جاری رہے گا۔**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# عملیات نادرہ

# نظرات کواکب

از: خالد اسحاق راٹھور

## شمس مقابلہ زحل

### 3 دسمبر رات 7 بجکر 14 منٹ

### مخالفت، دشمنی، عداوت

کسی جماعت یا گھر میں اختلاف پیدا کرنا مقصود ہو یا ان کو باہم دشمن بنانا اور ایک دوسرے کا عدو بنانا ہو تو درج ذیل نقش کو کالی سیاہی سے تحریر کر کے متعلقہ فرد کے گھر کی دہلیز کے نیچے دفن کر دیں۔ اس نقش کو تحریر کرنے کے بعد "رال" سے دھونی دے دیں پھر دفن کریں۔ یہ عمل نظر متعلقہ میں مکمل کر لیں۔ نقش بمع چال یوں ہے۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۵ | ۹۸ | ۱۰۳ |
| ۱۰۰ | ۱۰۲ | ۱۰۴ |
| ۱۰۱ | ۱۰۶ | ۹۹ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

## عطارد مقابلہ زحل

### 4 دسمبر صبح 5 بجکر 48 منٹ

### صاحب جائداد، شر پسند کو اس کی زیادتی کی سزا دینا

اس نقش کو بمطابق چال مندرجہ بالا وقت پر تحریر کریں۔ پھر اس نقش کو مطلوبہ فرد کے احاطہ میں دفن کر دیں۔ اس کی املاک و جائداد سے فوائد کا حصول و آمدنی کا حصول بند ہو جائے گا۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۵۱ | ۵۶ | ۴۹ |
| ۵۰ | ۵۲ | ۵۴ |
| ۵۵ | ۴۸ | ۵۳ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

## شمس قران عطارد

### 5 دسمبر صبح 2 بجکر 37 منٹ

### کامیاب زندگی اور حصول مرتبہ و ترقی

وہ لوگ جو کامیاب زندگی اور حصول مرتبہ و ترقی کے خواہش مند ہیں درج ذیل نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر اپنے کاروبار یا دفتر میں لٹکا دیں بالیقین کامیابی قدم چومے گی۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۹ | ۷ |
| ۱۱ | ۶ | ۲ |
| ۵ | ۴ | ۱۰ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

## عطارد تسدیس مریخ

### 21 دسمبر رات دس بجکر 49 منٹ

### تکنیکی امور میں کامیابی

وہ لوگ جو تکنیکی (Technical) کاموں یا تعلیم سے وابستہ ہیں۔ درج ذیل نقش کو مطابق چال تحریر کر کے اپنے پاس لاکٹ کی شکل میں رکھیں۔ بالیقین مہارت میں حد درجہ اضافہ ہوگا۔

نقش

چال

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ | ۲۸ | ۲۳ |
| ۲۲ | ۲۶ | ۳۰ |
| ۲۹ | ۲۴ | ۲۵ |

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

## عطارد مقابلہ مشتری

### 23 دسمبر دوپہر 12 بجے

### ظالم وجابر فرد کے کاروبار کو روکنے

اس وقت تحریر کردہ عمل کسی ظالم و جابر فرد کے کاروبار کو روکنے یعنی بندش اور نقصان کے لیے استعمال ہوسکتا ہے۔ فرد کا استعمال شدہ کاغذ' کپڑا یا کوئی اور چیز مل جائے تو اس پر تحریر کر کے قبرستان میں دفن کر دیں۔ اگر یہ اشیاء دستیاب نہ ہوں تو کسی غیر استعمال شدہ پرانے کپڑے یا کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔ نقش بمعہ چال درج ذیل ہے۔

چال

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۵ | ۳ | ۳۴ | ۳۲ | ۶ |
| ۳۰ | ۸ | ۲۸ | ۲۷ | ۱۱ | ۷ |
| ۱۳ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۱ | ۱۴ | ۱۸ |
| ۲۴ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۲۰ | ۱۹ |
| ۱۲ | ۲۶ | ۹ | ۱۰ | ۲۹ | ۲۵ |
| ۳۱ | ۲ | ۳۳ | ۴ | ۵ | ۳۶ |

نقش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۳ | ۱۵۸ | ۱۲۵ | ۱۵۷ | ۱۵۵ | ۱۲۸ |
| ۱۵۳ | ۱۳۰ | ۱۵۱ | ۱۵۰ | ۱۳۳ | ۱۲۹ |
| ۱۳۵ | ۱۴۶ | ۱۴۵ | ۱۴۴ | ۱۳۶ | ۱۴۰ |
| ۱۴۷ | ۱۳۹ | ۱۳۸ | ۱۳۷ | ۱۴۳ | ۱۴۲ |
| ۱۳۴ | ۱۴۹ | ۱۳۱ | ۱۳۲ | ۱۵۲ | ۱۴۸ |
| ۱۵۴ | ۱۲۴ | ۱۵۶ | ۱۲۶ | ۱۲۷ | ۱۵۹ |

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو ارسال کریں۔ بصورت دیگر معذرت۔

**بقیہ** **ماہانہ حالات**



## برج حوت

21 فروری تا 20 مارچ سیارہ۔۔نیپچون/مشتری

حروف۔۔ذ'ج پتھر۔۔لاجورد' پکھراج دن۔۔جمعرات

رنگ۔۔تیز سبز دھات۔۔ایلومینیم عدد۔۔3

**1-8**

برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جدی والے افراد فائدے کا باعث ثابت ہونگے۔ ۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں داخل ہوگا اور زحل کے ساتھ مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ آپ اپنی بڑھتی ہوئی مصروفیات کی وجہ سے گھر والوں کو نظر انداز کریں گے۔ جس کی وجہ سے پریشانی ہوگی۔

**9-16**

سیارہ مریخ کی پوزیشن ۹ تاریخ کو بدلے گی اور وہ برج حوت میں داخل ہوگا اور مشتری کے ساتھ پانچویں گھر کی نظر بنائے گا۔ تعلیمی معاملات میں کوئی اہم قدم اٹھائیں گے۔ یہ وقت ہے کہ آپ اپنے دوستوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں اور ان سے اپنا کام نکلوا سکتے ہیں۔ سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں ہے۔

**17-23**

اس ہفتے میں ۱۸ اور ۱۹ تاریخیں بہتر نہیں ہیں۔ اخراجات کا سامنا ہوگا جنس مخالف کی وجہ سے پریشانی آئے گی اور اخراجات بھی ہو سکتے ہیں۔ شمس ۲۲ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو اچھی جگہ ملازمت ملے گی اور ترقی کی راہیں ہموار ہونگی۔ تبدیلی ملازمت بھی ہوسکتی ہے۔

**24-31**

گھریلو مصروفیات بڑھیں گی۔ خاص طور پر ۲۸ اور ۲۹ تاریخیں گھریلو ذمہ داریوں میں اضافہ لے کر آئیں گی۔ زیادہ وقت گھر والوں کے ساتھ گزرے گا۔ والدین کے ساتھ جو رنجش تھی اب ختم ہو جائے گی۔ سیارہ زہرہ کا برج جدی میں آنا آپ کے پیار محبت میں اضافہ کرے گا۔ تعلقات وسیع ہونگے ذہنی سکون ملے گا۔ وہ افراد جو انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے خواہش مند ہیں اُن کے لیے اس ماہ میں لکی نمبر ۲۳۶ ہیں۔

free copy
khalidrathore.com

محمد شہزاد' وہاڑی.

## ماہ دسمبر

# پاکستان کے فلکیاتی حالات

اسلام علیکم قارئین: پاکستان کے ماہ دسمبر کے فلکیاتی حالات کے ساتھ حاضر ہوں اس ماہ پاکستان کے تیسرے گھر کا حاکم شمس ساتویں گھر میں آچکا ہے یہ یہاں ۲۲ دسمبر تک رہے گا۔ ساتواں گھر ملکی زائچوں میں جنگ و جدل بیرونی ممالک سے تعلقات بین الاقوامی معاہدات اور مکمل دشمن ممالک سے منسوب ہے۔ ۱۶ دسمبر تک عطارد جو کہ علم و عقل اور ذرائع نقل و حمل کا سیارہ کہلاتا ہے اس خانہ میں رہے گا اس کے علاوہ زہرہ بھی ۲ تا ۲۸ دسمبر اسی خانہ میں قیام پذیر ہو گا۔ یہ فلکیاتی حالات اس ماہ جنگ کی نشاندھی کرتے ہیں۔ ہمیں اس وقت بارڈر پر بہت احتیاط کی ضرورت ہو گی۔ ہمارا دشمن کسی بھی وقت ہم پر حملہ آور ہو سکتا ہے وہ کنٹرول لائن کی شدید قسم کی خلاف ورزیاں کرے گا اور ہمیں اشتعال دلانے کی کوششیں کرے گا اس کے علاوہ اس ماہ پاکستان کے کئی ممالک سے اقتصادی اور تجارتی معاہدات طے پانے کا امکان ہے ملک میں افواہوں کا بازار گرم رہے گا حزب اختلاف ملک میں گڑبڑ پیدا کرنے کی کوشش کرے گی اور احتجاجی جلسے جلوس اور ریلیوں کا اہتمام کرے گی جس کی وجہ سے حکومت کی مشکلات میں اضافہ ہو گا اس سلسلہ میں ۴ اور ۱۱ دسمبر کی تاریخیں بہت اہم ہیں کیونکہ ۴ کو عطارد اور زحل کا مقابلہ ہو گا اس دن باڈر پر صورت حال کشیدہ ہو سکتی ہے۔ ۱۱ کو زہرہ اور زحل کا مقابلہ ہو گا۔ ۱۶ دسمبر کو عطارد پاکستان کے زائچہ کے آٹھویں گھر میں آجائے گا تو عالمی سیاست میں پاکستان کی پوزیشن نمایاں ہو گی۔ صدر مملکت پر اس وقت قاتلانہ حملہ ہو سکتا ہے اور قدرتی آفات' طوفان' سیلاب اور آندھیاں چلنے کا امکان ہے۔ ۱۵ دسمبر کو پاکستان کے ساتویں گھر میں جزوی طور پر سورج گرہن لگے گا تو کوئی دشمن ہمارے ملک میں دہشت گردی کی کاروائیوں کے ذریعے ملک میں فرقہ وارانہ تصادم کروانے کی کوشش کر سکتا ہے مریخ جو کہ جنگ و جدل اور فوج کا سیارہ کہلاتا ہے ۷ دسمبر کو پاکستان کے زائچے کے وتد اسماء پر آجائے گا کیونکہ اس وقت پاکستان میں فوج کی حکومت ہے اور فوجی سیارہ کا خانہ اقتدار میں آنا فوجی حکومت کو مستحکم کرے گا حکومت ملک میں صنعتی اصلاحات لا سکتی ہے۔ اس ماہ تشدد اور لوٹ مار کی وارداتوں میں اضافہ ہو گا۔ ۳۰ دسمبر کو پاکستان کے خانہ مال میں چاند گرھن ہو گا تو اس دن پاکستان کی سٹاک مارکیٹ کو کوئی دھچکا لگ سکتا ہے۔ اس ماہ کئی غیر ملکی کمپنیاں ملکی سیاسی حالات کی وجہ سے پاکستان میں اپنے معاہدے منسوخ کر دیں گی۔ اس ماہ لوہا' تانبہ' چاندی اور تمباکو کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان رہے گا اور ریشمی کپڑا' کیمیکل' چاول' چینی' گندم کی قیمتوں میں مندے کا رجحان دیکھنے میں آئے گا۔ (واللہ علم بالصواب)۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

# حضرت شیخ محمد میاں میر

فرمانروائے ہند شاہ جہاں اپنے بیٹے دارالشکوہ کی زندگی سے مایوس ہو گیا۔ ہر طبیب ناکام رہا۔ زندگی اور موت کی اس کشمکش میں ایک بوڑھا بادشاہ کے دربار میں آ کر اپنا خواب سناتا ہے کہ ایک بزرگ جنہوں نے اپنا نام نہیں بتایا بلا تاخیر شہزادے کو لاہور بلا رہے ہیں۔

لاہور کے اس مسیحا کا کھوج لگا کر شاہ جہاں منزل پہ منزل طے کرتا لاہور میں روحانی دنیا کے "شاہ" کے روبرو حاضر ہوا۔

شاہ جہاں شہزادہ کہاں ہے اسے ساتھ کیوں نہیں لائے؟ مسیحا نے میٹھے اور تسکین بخش لہجے میں فرمایا۔ لایا ہوں حضرت مگر وہ آنجناب کی اجازت کا منتظر ہے۔ شاہ جہاں نے اپنے لہجے پر قابو پانے کی بھرپور کوشش کی پھر بھی مسیحا کے جلال سے آواز لرز گئی۔ کیا کہہ رہے ہو اجازت کے بارے میں؟ اجازت تو پہلے ہی دی جا چکی ہے۔ اگر اجازت نہ دی ہوتی تو پھر تمہیں یہاں آنے کی جرأت کیسے ہوتی اور ہم نے تو اُسے اپنا آدمی بھیج کر بلایا ہے۔ مسیحا نے دلنشین لہجے میں۔ چند لمحوں بعد شہزادے کو اندر لایا گیا۔ شہزادے کو ہمارے سامنے بٹھا دو۔ مسیحا نے تمسخمانہ انداز میں کہا۔ شیخ یہ نقاہت کی وجہ سے بیٹھنے سے مجبور ہے۔ شاہ جہان نے سہمے سہمے لہجے میں عرض کی۔ بھئی فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں ہم شہزادے کو روبرو دیکھنا چاہتے ہیں۔ مسیحا کے ایک ایک لفظ سے شہد ٹپک رہا تھا۔ جیسے ہی مسیحا نے شہزادے کی طرف نظر کرام اٹھائی ان کے جلال سے اس کی پتھرائی ہوئی آنکھیں بند ہو گئیں۔ اتنی عاجزی اور انکساری دیکھ کر مسیحا کے تابناک چہرے پر ایک دلنواز تبسم کھلنے لگا۔ پھر دست چارہ گر آگے بڑھا اور حیات آفرین پانی سے لبریز پیالہ شہزادے کے ہونٹوں سے لگا دیا۔

بڑی مشکل سے پانی کے چند قطرے حلق سے نیچے اُترنے میں کامیاب ہو سکے۔ اس کے ساتھ ہی شہزادے کے چہرے پر ایک رنگ سا اُبھر آیا جیسے طویل سیاہ رات کی صحن میں طلوع سحر کے قدموں کی ہلکی ہلکی چاپ سنائی دے۔ پھر دیکھنے والوں نے دیکھا کہ تین دن بعد شہزادہ خود اُٹھ کر بستر پر ایسے بیٹھ گیا گویا بیماری کبھی نزدیک سے ہو کر نہ گزری ہو۔

شہزادے کی مکمل صحت یابی کے بعد فرمانروائے ہند نے شہزادے کا جشن صحت دھوم دھام سے منانا چاہا لیکن مسیحا نے سختی سے منع کرتے ہوئے فرمایا۔ انسان کس قدر عجلت پسند ہے‘ جب کوئی مصیبت یا آفت نازل ہوتی ہے تو گھبرا کر چیخنے لگتا ہے اور جب پریشانی کے دن گزر جاتے ہیں دُکھوں اور مصائب سے نجات مل جاتی ہے تو وہ ان سنگین لمحات اور پُرآشوب آفات کی ہولناکیوں کو فراموش کر کے خوشی سے رقص کرنے لگتا ہے یہ کیسی کفران نعمت ہے‘ یہ کیسی ناشکری ہے اور کیسی غفلت۔

وہ ولی کامل جس کے پیالے کے چند قطرہ آب حلق سے نیچے اُترتے ہی شہزادہ دارالشکوہ موت سے نبرد آزما رہنے کے بعد دوبارہ اس عالم رنگ و بُو کی لطافتوں سے لُطف اندوز ہونے کے قابل ہوا۔ یہ چارہ ساز‘ غمگسار اور چارہ گر مسیحا قادری سلسلے کے مشہور بزرگ حضرت شیخ محمد میاں میر لاہوری تھے۔

آپ کی ولادت باسعادت اکبر کے دور حکومت کے آخری سالوں میں سیوستان میں ہوئی۔ کسی زمانے میں یہ شہر ٹھٹھ اور بکھر کے درمیان واقع تھا مگر آج کل یہ شہر سیہون شریف کے نام سے مشہور ہے۔ آپ خاندانی اعتبار اور حسب ونسب کے لحاظ سے حضرت عمر فاروقؓ سے جا ملتے ہیں۔ آپ کے والد گرامی قاضی سائیں دتہ فاروقی کا پورے سندھ میں بے حد احترام کیا جاتا تھا۔ آپ کے والد صاحب کے وصال کے بعد آپ کی والدہ محترمہ نے بڑی استقامت کے ساتھ آپ کی پرورش میں گردش زمانہ کا مقابلہ کیا اور آپ کو مادر گرامی ہی نے سلسلہ قادریہ کی تعلیمات سے روشناس کرایا۔

عہد طفولیت اور لڑکپن کی حسین و پاکیزہ ماحوال والی بہاروں سے متمع ہونے کے بعد جوانی کی دہلیز پر قدم مبارک رکھا تو فطری رجحان کے تحت کسی پیر کامل کی تلاش میں سیوستان کی پہاڑیوں میں سرگرداں رہنے لگے۔ دوران صحرا توردی آپ کو انہی پہاڑیوں میں ایک گرم تنور نظر آیا جسے ایک بڑے پتھر سے ڈھانپ رکھا تھا۔ ویرانے میں تنور کی موجودگی کسی فنافی الہانہ بزرگ کی نشاندہی کر رہی تھی۔ چنانچہ سراغ لگانے اور ان سے ملاقات کرنے کی خاطر آپ مسلسل تین دن روز وہیں تشریف فرما رہے۔ آخر چوتھے دن اس سنسان مقام پر قطب زماں مشہور بزرگ حضرت شیخ خضرؒ کا آنا ہوا اور آتے ہی فرمایا برخوردار ہمیں تمہاری آمد کے بارے میں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

علم تھا۔ اگر تم کشمکش انتظار سے اُکتا کر چلے جاتے تو پھر یہ ملاقات قیامت تک نہ ہوتی۔ اہل طلب کو اتنی سی مشقت اور تکلیف تو برداشت کرنا ہی پڑتی ہے۔

یہ سُن کر آپؒ نے بڑے ادب و احترام سے جواب دیا۔ حضرت میں آپ کی تلاش میں اس وقت تک یہاں پڑا رہتا جب تک اس تن خاکی میں جستجو کی تڑپ باقی رہتی۔ آپ کی زبان مبارک سے ایسا دلنشین جواب سُن کر حضرت شیخ نے وارفتگی کے عالم میں آگے بڑھ کر آپ کو گلے لگالیا اور آپ کی درخواست پر بیعت سے سرفراز فرمایا۔

آپ کئی سال تک اپنے پیرومرشد کی خدمت میں علم و معرفت کے رموز ونکات کی روحانی تربیت پانے کے بعد خطہ پنجاب کے لوگوں کی اصلاح کے لیے وقت کے مشہور تاریخی شہر لاہور تشریف لے آئے۔ یہاں آپ نے فروغ اسلام اور اصلاح معاشرہ کا سلسلہ بڑی جانفشانی سے بذریعہ درس وتدریس شروع کیا۔ آپ کا پہلا سبق یہی ہوتا تھا کہ انسان طلب نمائش اور طلب جاہ سے دور بھاگے۔

آپ کے خیال میں جولوگ دنیائے ولایت میں قدم رکھنے کے بعد بھی خرقہ یا گوڈڑی پہنتے ہیں وہ صرف خودنمائی کرتے ہیں۔ اس وجہ سے آپ کے مرید خاص حاجی بیناتی بہت پُرتکلف لباس زیب تن کیا کرتے تھے۔ آپ کے ظاہری ٹھاٹھ باٹھ دیکھ کر کسی نے اعتراض کیا۔ جس کے جواب میں انہوں نے فرمایا کہ عالم تجرید میں میرے پاس صرف ایک گوڈڑی تھی جو پارہ پارہ ہوئی تھی۔ اسی حالت میں ایک دن میں بازار میں سے گزر رہا تھا جیسے ہی لوگوں کی نظر مجھ پر پڑی انہوں نے مجھے گھیرے میں لے کر میرے ہاتھ چومنے شروع کر دیئے۔ اتنی دیر میں حضرت میاں میرؒ کا ادھر سے گزر ہوا دیکھتے ہی فرمانے لگے یہ کیا حالت بنا رکھی ہے فوراً جا کر لباس تبدیل کرو اور آگے سے ایسا لباس پہنا کرو کہ کوئی یہ نہ جان سکے تم کس گروہ کے فرد ہو۔

عین اس جیسا ملتا جلتا اور واقعہ آپ کے خلیفہ خواجہ بہاریؒ نے آ کر آپ کی خدمت میں بیان فرمایا۔ حضرت آج میرے مکان میں چند لوگ جمع تھے اچانک مکان کی کڑیاں چڑچڑانے لگیں۔ میں نے حاضرین کو فوراً باہر نکل جانے کو کہا لیکن میں خود وہیں بیٹھا با آواز بلند کلمہ طیبہ کا ورد کرتا رہا۔ میرے اندازے کے عین مطابق چھت گر گئی مگر میں اپنی جگہ محفوظ و مامون رہا۔

آپ نے خواجہ کا بیان کردہ واقعہ غور سے سنا پھر نہایت تلخ لہجے میں فرمایا افسوس تیرے دل سے اب تک شوق نمائش اور طلب جاہ نہ گیا تو کلمہ طیبہ اس لیے بلند آواز میں پڑھ رہا تھا کہ لوگ تجھے بہت بڑا خدا رسیدہ درویش سمجھیں۔

آپ نے ساری زندگی سورت فاتحہ کی اس آیت پر عمل کرتے ہوئے گزار دی "اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں"۔

حضرت میاں میرؒ کی زندگی میں بڑے بڑے مشکل مقامات آئے مگر آپ نے ماسوائے اللہ کے کسی کو آواز نہیں دی۔ یقین و عمل کی اس کیفیت نے آپ کو اس مقام پر پہنچا دیا جہاں باعزت شہنشاہ بھی آ کر آپ کے آستانہ عالیہ پر حاضری دینا باعث فخر سمجھتے تھے۔ بظاہر اپنے اپنی ذات وصفات پر گہرا پردہ ڈال رکھا تھا۔ لیکن وہ جو کہتے ہیں کہ آفتاب دبیز بادلوں میں روپوش ہونے کے باوجود بھی اپنی موجودگی کا احساس دلاتا رہتا ہے۔ آپ کرامات کے اظہار کو ناپسند فرماتے تھے۔ لیکن پھر بھی غیر ارادی طور پر کوئی نہ کوئی غیر معمولی واقعہ رونما ہو ہی جاتا بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اعجاز مسیحائی بخشا تھا۔

ایسے سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں واقعات ہیں جو نہ چاہتے ہوئے بھی رونما ہوئے جن کے چشم دید گواہ خود اپنی اپنی زبان میں فرمایا کرتے تھے۔ سکینۃ الاولیا میں دارا شکوہ تحریر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ایک روز میں اپنے دوست کے ہمراہ آگرہ سے لاہور آیا۔ ہم چلتے چلتے خانقاہ کے قریب پہنچے تو میرے دوست نے کہا تم اپنے پیرو مرشد کی کرامات کی تعریفوں کے پُل تو بہت باندھتے ہو اور بعض اوقات تو تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے تک ملا دیتے ہو۔ میں تو اُس وقت ان کی روشن ضمیری کو تسلیم کروں گا جب وہ ہمارے خاطر مدارت کے لیے اس موسم میں انگور پیش کریں گے کیونکہ آج کل انگوروں کا موسم نہیں ہے۔ یہ سُن کر پہلے تو مجھے ان دیکھے اندیشوں نے آن گھیرا پھر مجھے یقین ہو گیا کہ حضرت اپنے مولا کریم کے فضل سے خود ہی کوئی انتظام فرما کر مجھے میرے دوست کی نظروں میں سُرخرو ہونے کا موقع بہم کریں گے۔ غرضیکہ ہم دونوں باتیں کرتے ہوئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نہایت ادب سے سلام کیا۔ آپ نے اپنے خادم کو کچھ لانے کے لیے اشارہ کیا تاکہ مہمان نوازی کا حق ادا ہو جائے۔ اس دوران میرا دوست سوچ رہا تھا جب انگوروں کا موسم ہی ختم ہو چکا ہے تو پھر شیخ اپنی روحانی طاقت کا مظاہر کس طرح کریں گے وہ ابھی یہاں تک ہی سوچ پایا تھا کہ آپ کا خادم انگوروں سے دو بھرے ہوئے طباق اُٹھائے آتا دکھائی دیا۔ یہ منظر دیکھ کر میں تو خوشی سے دیوانہ ہو گیا اور میرے دوست پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

اگرچہ آپ کی بیشمار کرامتوں کا ذکر مختلف کتب میں درج ہے لیکن آپ انہیں ہمیشہ پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے۔ کرامات اولیا اضطراب است (اولیاء کے لیے کرامات اضطراب ہے)۔ مزید برآں آپ فرمایا کرتے تھے کہ کرامتیں دو قسم کی ہیں اختیاری اور اضطراری۔

اول: اسماء الٰہی کے ورد کرنے سے ظاہر ہوتی ہیں۔

دوم: جو کسی شخص سے ظاہر نہ ہوں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوں۔ نیز کرامتوں کو پوشیدہ رکھنا عامتہ الناس کے حق میں ہے۔ آپ کا ہی فرمان ہے:-

کسی را راست با حق آشنائی نیاید ہرگز از وے خودنمائی

یعنی جسے حق تعالیٰ کی آشنائی حاصل ہو وہ کبھی خودنمائی نہیں کرتا۔

آگے چل کر فرماتے ہیں:-

ہر کہ آواز کشف خود گوید سخن کشف و ورا کفش کن ہر سر بزن

یعنی جو کوئی اپنے کشف و کرامات کی نمائش کرتا ہے اس کے سر پر اپنا جوتا نکال کر دے مار۔

ان ارشادات سے بات واضح ہوتی ہے کہ کرامات کا اظہار آپ کو کس قدر ناپسند تھا پھر بھی آپ سے کرامات کا ظہور خود بخود ہو جایا کرتا تھا۔ حالانکہ آپ کو اس امر میں دخل نہیں ہوتا تھا۔

چنانچہ شیخ عبدالواحد کا کہنا ہے کہ ایک بار وہ آپ کی خدمت اقدس میں اکتساب فیض کی غرض سے باغ میں حاضر ہوا جہاں آپ تشریف فرما تھے۔ ابھی مجھے بیٹھے تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ کسی گھنیرے درخت پر بیٹھی ایک قمری کی پیاری آواز

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

سنائی دی۔ قمری اپنی میٹھی اور حلاوت بھری آواز میں ہُو ہُو اللہ کے رسیلے نغمے فضا میں بکھیر رہی تھی۔ آپ اس آواز پر خوش ہو کر فرمانے لگے۔ سنو سنو کیسی خوش بیانی سے اپنے خالق کی حمد و ثناء میں نغمہ زن ہے۔ ابھی آپ اتنا ہی کہہ پائے تھے کہ سوختہ بخت شکاری نے درختوں کی اوٹ سے نکل کر غلیل سے نشانہ باندھتے ہوئے پتھر دے مارا۔ وہ ننھی سی نرم و نازک اور بھولی بھالی جان پتھر کی شدید ضرب برداشت نہ کر سکی اور زمین پر گرنے سے پہلے ہی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی۔ آپ یہ دردناک حادثہ دیکھ کر بہت رنجیدہ ہوئے اور مجھے حکم دیا کہ میں اُسے اُٹھا لاؤں۔ میں جا کر اسے فوراً اُٹھا لایا اور آپ نے بڑی محبت اور شفقت سے تین بار اس پر ہاتھ پھیرا۔ میری اس وقت حیرت کی انتہا نہ رہی جب میری آنکھوں کے سامنے وہ قمری پھر سے اُڑ کر سامنے والے درخت پر جا بیٹھی اور پھر سے معصوم پرندے نے اسی انداز میں اللہ کی حمد و ثنا خوش الحانی سے بیان کرنا شروع کر دی۔

بدبخت شکاری قمری کی آواز سُن کر لوٹ آیا اور دوبارہ نشانہ باندھنے لگا۔ اب کی مرتبہ آپ شکاری کی درندگی برداشت نہ کر سکے اور شکاری سے نہایت نرم لہجے میں اس بہیمانہ شوق سے باز رہنے کی تلقین کی۔ مگر وہ سنگدل نہ مانا اور پھر جیسے ہی اس نے غلیل سے پتھر مارنے کی کوشش کی وہ چیختا ہوا درد کی وجہ سے لوٹ پوٹ ہونے لگا۔ پھر اسے اندازہ ہوا کہ یہ سب کچھ آپ کی دل آزاری کا نتیجہ ہے اس لیے گریہ زاری کرنے لگا اور آپ نے اسے اس وعدہ پر معاف کیا کہ وہ آئندہ کسی جاندار کو ایذا نہیں پہنچائے گا۔

یہ سوال اکثر لوگوں کے ذہنوں میں کُلبلاتا ہے کہ اگر آپ کو دارا شکوہ سے اتنا اُنس تھا اور اس پر التفات بصرہ تو آپ نے اس کے جانشین ہونے کے احکام کیوں صادر نہ فرمائے۔ اس کا سیدھا سا جواب ہے کہ اس میں ایک تو مشیت ایزدی نہ تھی اور دوسرا اورنگ زیب کے حق میں آپ کی کرامت کا ظاہر ہونا۔

قصہ یوں ہے کہ شاہ جہاں جب دوسری مرتبہ دارا شکوہ اور دیگر بیٹوں کو لے کر آپ سے ملاقات کے لیے لاہور آیا تو میاں میرؒ نے شاہ جہاں کے کھانے کا انتظام کیا۔ نماز ظہر ادا کرنے کے بعد ابھی آپ کے ساتھ ظہرانہ تناول فرما رہے تھے کہ اچانک آپ کو رفع حاجت کے لیے اُٹھ کر جانا پڑا۔ یہ دیکھ کر دارا شکوہ نے ناک بھوں چڑھائی اور کہا کہ درویشی سے یہ مطلب تو نہیں کہ انسان کھانا کھانے کے اور مجلس کے آداب کا خیال نہ رکھے۔ ادھر دارا شکوہ یہ کہہ کر اپنی قسمت کا فیصلہ کر رہا تھا اُدھر اورنگ زیب عالمگیر نے آپ کا چھوڑا ہوا شوربہ غٹاغٹ پی لیا۔ خیر بات ختم ہو گئی۔

شاہجہان نے واپسی کی اجازت طلب کی اور ساتھ ہی نہایت عاجزی سے دارا شکوہ کے بطور جانشین کے حکم دینے کی عرض بھی کی۔ یہ سُن کر آپ نے فرمایا فیصلہ تو کل ہی ہو گیا جس نے پیالہ ولایت سے فیض پایا۔ وہ دین و دُنیا کا بادشاہ بھی بن گیا اور جس نے ناک بھوں چڑھائی وہ ناکام و نامراد رہا۔ یہ سُنتے ہی شاہجہان نے اپنا سر پیٹ لیا۔

بعد ازاں کے واقعات نے آپؒ کی باتوں کو صحیح ثابت کر دیا۔ تاریخ کی ورق گردانی سے پتہ چلتا ہے کہ دارا شکوہ نے جوں جوں ہندو ویدانت کا مطالعہ کیا توں توں اس کا نظریہ وحدت الوجود ویدانتی توحید کا رنگ اختیار کرتا گیا۔ یہاں تک کہ اس نے تصوف اور ویدانت میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے دیر و حرم کا امتیاز مٹا ڈالا۔ ستم بالائے ستم دارا شکوہ اپنے علم و فضل کے باوجود سحر و افسوں پر اعتماد رکھنے لگا۔ یہی وجہ ہے کہ اسے ملحد اور کافر ٹھہرا کر قتل کیا گیا۔

یہ ایک جانشینی کا واقعہ نہیں ہے بلکہ ان گنت کرامات سے مخلوق خدا نے فیض پایا۔ انہی دنوں کا ذکر ہے کہ آپ کے مریدوں میں سے ایک مرید غیاث نے حاضر خدمت ہو کر گزارش کی میرا لڑکا نزع کی حالت میں ہے میں خالی دامن واپس نہ جاؤں گا۔ آپ اس کی بڑھتی ہوئی پریشانی دیکھ کر خود بھی پریشان ہو گئے۔ اتنے میں آپ استغراق میں چلے گئے کچھ دیر بعد آپ نے پانی کا پیالہ طلب کیا اور اس پر دم کر کے پانی پلانے کی نصیحت کی۔ جیسے ہی پیالہ ہونٹوں سے لگا وہ لڑکا صحت یاب ہو گیا۔

وقت دبے پاؤں چلتا رہا۔ اس لڑکے کی عمر سات سال ہونے کے باوجود وہ باتیں نہیں کر سکتا تھا۔ اسے دوبارہ آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ آپ نے لڑکے کو پاس بٹھا کر کہا بیٹے پڑھو بسم اللہ الرحمن الرحیم آپ کا یہ فرمانا تھا کہ لڑکے کی چھنی ہوئی قوت گویائی عود کر آئی۔ کہاں وہ بولنے سے قاصر کہاں ایک سال میں حافظ قرآن بن گیا۔

ایک مرتبہ دارا شکوہ آپ کی قدم بوسی کے لیے حاضر خدمت ہوا اور آپ کی التفات [illegible] سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے لگا طرح طرح کی فرمائشیں کرنے۔

آپ نے دارا شکوہ سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا' فقیروں کو اتنا تنگ نہیں کیا کرتے۔ انہیں دنیا میں اور بھی بہت سے ضروری کام نپٹانے ہوتے ہیں۔ خیر کچھ دن کی بات ہے پھر کسے ستاؤ گے جب ہم نہیں ہوں گے' اگرچہ آپ نے اپنے آخری سفر کی طرف اشارہ کر دیا تھا مگر یہ بات اہل مجلس کی سمجھ میں نہ آ سکی۔

پھر اللہ شناسی کے مالک 'حقیقت' طریقت اور شریعت کے مالک' آسمان ولایت کے قطب' اکابر زمین و زماں کے پیشوا عالی مقام بزرگوں کے امام یہ وصیت کہ مجھے وشر (کلر) والی زمین میں دفنانا تاکہ میری ہڈیوں کا نشان باقی نہ رہے اور قبر [illegible] نہ ہی میری ہڈیاں فروخت کرنا۔ نیز میری قبر پر دوسروں کی طرح دکان نہ لگانا فرماتے ہوئے ۱۰۴۵ھ کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔


# بانڈ نمبر

| 1.1.2002 | 16.12.2001 | 1.12.2001 |
|---|---|---|
| 395 | 879 | 091 |
| 168 | 289 | 369 |
| 841 | 905 | 753 |
| 523 | 436 | 821 |
| 009 | 712 | 926 |
| 505 | 047 | 857 |
| 598 | 430 | 706 |

تمام سال کے بانڈ نمبروں کے لیے دیکھیں خالد روحانی جنتری ۲۰۰۲ میں دیکھیں


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# راٹھور پبلشرز کے زیر اہتمام شائع ہونے والی کتب

| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماہنامہ) ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔ | 20روپے |
| خالد روحانی جنتری 2002 | 60روپے |
| روحانی مشورے | 50روپے |
| علم الحروف | 100روپے |
| راہنمائے عملیات | 80روپے |
| راہنمائے تل شناسی | 40روپے |
| اسباق دست شناسی | 60 روپے |
| ساعات حقیقی | 90 روپے |
| خزینہ اعداد | 50 روپے |
| ۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰ | 115روپے |
| السحر الاحمر | 50روپے |
| مستحصلہ قادر الکلام | 50 روپے |
| بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر | 100روپے |
| اقوال امرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ (علم رمل) | 40 روپے |
| سحر بار نوخ | 50روپے |
| السحر العجیب فی جلب الحبیب | 80روپے |
| لکن سارنی (کاپی فی شہر) | 70روپے |
| 200 سالہ راٹھور ایفامریز (کوکی جنتری برائے یونانی / ہندی حساب) کاپی فی سال | 50روپے |

20روپے ڈاک خرچ کتب کی قیمت کے ساتھ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# الطوالع الحدسية للرجال والنساء

**زیر نظر مضمون "ابو معشر الفلکی" کی کتاب "الطوالع الحدسية للرجال والنساء" کے ترجمے پر مشتمل ھے۔ "قارئین راھنمائے عملیات" کے لئیے یہ ترجمعہ عرق ریزی کے ساتھ پیش کیا جا رہا ھے۔ مجھے آپ کی رائے کا انتظار رھے گا۔**

**خالد اسحاق راٹھور۔**

بابرکت ہے اُس کی ذات جس نے آسمان میں بروج بنائے۔

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے وہ ذات جس نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا پھر اُسے قرار مکین میں نطفہ بنایا۔ پھر نطفے کو بطور خون کے بنایا۔ پھر خون کو بطور لوتھڑے کے بنایا۔ پھر لوتھڑے میں ہڈیوں کی تخلیق کی پھر ہڈیوں کو گوشت پہنایا۔ پھر اُس کی بطور اور تخلیق کے نشوونما کی پس اللہ کی ذات بابرکت ہے جو احسن الخالقین ہے۔ جسے چاہتا ہے اپنی توفیق کے ساتھ جنت کے باغوں کی طرف راستہ دکھاتا ہے۔ جسے چاہتا ہے خیر سے ہٹا دیتا ہے۔ اور اُسے دوزخ میں ڈال دیتا ہے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں واحد لاشریک ہے اُس کے لیے ملک ہے اور وہ حق المبین ہے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے عبدٗ رسول اور نبی الامین ہیں اور پھر یوم محشر سے خائف (بندہ) کہتا ہے۔ ابو معشر اللہ تعالٰی کی مخلوق میں سے کمزور اور زیادہ فقیر ہے۔ بے شک جب میں نے اللہ تبارک وتعالٰی کے قول کو دیکھا تبارک الذی جعل فی السماء بروجا (بابرکت وہ ذات ہے جس نے آسمان میں ستارے بنائے۔ آیت) میں نے اللہ تعالٰی سے خیر طلب کی کہ میں ان بروج میں سے انسان کے طالع کو واضح کروں اور اس بات کا انتظام کیا کہ میں ہر برج کو تین وجوہ اور بارہ گھروں پر مرتب کروں اور اُس کے مال کے ساتھ رملیہ اشکال سے پیروی کروں۔ اور میں نے اس کتاب کے مقدمے کو علم حساب کی بعض اشیاء میں بنایا ہے۔ اور اُس کا اختتام اس کتاب کے لازمی پردوں سے ہے۔ پس میں کہتا ہوں اور اللہ تعالٰی کی طرف سے حسن قبول ہے۔

## ابجدی حساب کا جدول

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ھ | و | ز | ح | ط | ی |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ک | ل | م | ن | س | ع | ف | ص | ق | ر |
| ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ | ۶۰ | ۷۰ | ۰۸ | ۰۹ | ۱۰۰ | ۲۰۰ |
| ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ | | |
| ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ | | |

## اس بات کی معرفت میں باب جو سات دنوں کے حساب سے سالوں میں ہوتا ہے

پس بے شک سال کا اول اتوار کا دن ہے۔ پس بے شک شمس اُس کا مالک بنتا ہے۔ اور یہ ملک کی کامیابی، بادشاہی اور بعض کے ساتھ اسباب کا اتصال ہے اور اُس کے طلوع میں حصول متوسط ہے۔ اور زمین کی وجہ پر باقی ہے اور بڑی فصلیں نکلتی ہیں۔ اور ستمبر کے اول میں گیہوں زیادہ ہوتے ہیں۔ اور قطبی سال کے پہلے مہینے کے آخر میں نچوڑ مہنگا ہو جاتا ہے اور اپریل میں بھیڑ بکریاں اور اون مہنگی ہو جاتی ہیں۔ اور بعض لوگ ایک علاقے سے دوسرے علاقے کی طرف پانی کے شدائد (سختیاں) اور امراض کے ساتھ منتقل ہوتے ہیں۔ اُس کا موسم گرما گرم ہوتا ہے۔ اُس میں وادی کے ساتھ فنا ہونا واقع ہو جاتا ہے۔ اور اُس میں پھل اور کھجور زیادہ ہوتے ہیں۔ اور کھیتی باڑی بابرکت ہوتی ہے۔ اور ملک منصور اور مدد دیا ہوا ہو جاتا ہے۔ اور اللہ سب سے زیادہ جانتا ہے۔ اور سوموار کے دن کا اول ہو پس بے شک قمر اُس کا مالک بنتا ہے۔ پس وہ بادشاہوں کی صلاح، بارش اور رحمت کے نازل ہونے اور فصلوں اور حصول کی زیادتی کے حسن، گندم کی نمو اور سال کے منانے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اپریل میں اُس کے مہنگے ہونے اور اُس کے اواخر میں زیتون اور سوتی کپڑے کے مہنگے ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ بعض

حکمرانوں کے ساتھ مناظرہ واقع ہوتا ہے۔اس کی سردی نرم اور دودھ سکون میں آجاتے ہیں۔اور اُس کے آخر میں بعض امراض واقع ہوتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ علم والا ہے۔اور اگر اُس کا اول منگل ہے تو مریخ اُس کا مالک ہے۔اور یہ بات ملک کی فتح' تمام دشمنوں پر کامیابی اور سری وجھری (خفیہ وظاہر) معاملات میں اُس کے حکم کے نفاذ پر دلالت کرتی ہے۔اور باتیں زیادہ ہو جائیں گی اور حصول لمبا ہو جاتا ہے۔اور تمام اطراف میں امراض پھیلتے ہیں۔اور اُس میں خون کا غلبہ بھڑک اٹھتا ہے۔اور اکثر اوقات گرم علاقوں کے لوگ اس میں کم مرتے ہیں اور کھجور کم پھل رکھتے ہیں۔اور خون بہتے ہیں۔اور اکثر فصلیں ناکام ہوتی ہیں۔اور دشمن کو شکست ہوتی ہے۔نجم کے ملوک میں جھگڑے واقع ہوتے ہیں اور سردی کے موسم کے اواخر میں غلہ مہنگا ہو جاتا ہے اور اکثر اوقات زلزلے آتے ہیں اور مخالف قلعوں میں سے بعض منہدم ہو جاتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔اور اگر اُس کا اول بدھ کا دن ہو تو عطارد اُس کا مالک ہے۔پس یہ ملوک اور قاضیوں (ججوں) سے عدل پر دلیل ہے۔اور اُس میں حصول متوسط اور نقصان جلدی ہوتا ہے۔اور صنعتی چیزوں و آلات میں سے نئی عجیب و غریب چیزیں ظاہر ہوتی ہیں۔اور خصوصاً شہروں کے لوگ پردہ کرتے ہیں اور بڑے بڑے بوڑھے زیادہ مرتے ہیں۔اور ستمبر میں تحفہ سستا ہو جاتا ہے۔اور اُس کے باب میں مہنگا ہو جاتا ہے۔اُس کے ساتھ ایسا نجم ظاہر ہوتا ہے جو شر پر دلالت کرتا ہے اور پھل اور غلے زیادہ ہوتے ہیں۔اور سردی و گرمی میں وقت معتدل ہو جاتا ہے۔اور اُس میں نجم کے مراتب بلند ہوتے ہیں۔اور اکثر اوقات نہریں قلت والی ہو جاتی ہیں۔اور اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔اور اگر اُس کا اول جمعرات کا دن ہے مشتری اُس کا مالک بنے گا۔پس اسی لئے یہ بدبخت لوگوں کی موت پر دلیل ہے۔اور حصول مبارک ہوگا۔اور مویشی' نچوڑ اور سوتی کپڑا مہنگے ہونگے۔اور ہوائیں زیادہ چلیں گی۔اور بری و بحری شکار زیادہ ہو جاتا ہے۔ اور بادشاہ سے عدل ظاہر ہوتا ہے۔اسباب آسان ہو جاتے ہیں اور ظلم بڑھ جاتا ہے۔فصلیں نمو پاتی ہیں۔گیہوں' نچوڑ (رس۔جوس) اور کپاس سستے ہو جاتے ہیں اور شر کم ہو جاتا ہے۔اور بعض میں سے بعض پر لوگوں کے دل مل جاتے ہیں۔اور کمزور طاقتور ہو جاتا ہے۔مشکل کے لیے آسانی ہو جاتی ہے۔ اور ٹھنڈک کم ہو گی۔اور پیٹھ کرنے کے دنوں میں کثرت ہوتی ہے۔اور اللہ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔ اور اگر اُس کا اول جمعہ کا دن ہے تو زہرہ اُس کا مالک بنے گا۔اور یہ سینوں کے کھل جانے اور لوگوں کی محبت خصوصاً شہر والوں کی محبت' ملوک کی تائید' حصول کے توسط' غلوں میں تاجروں کے منافع' اور عورتوں و مردوں میں سے تفریح گاہوں کی طغیانی پر دلالت کرتی ہے۔اُس کے اول میں چیزیں سستی ہوتی ہیں اور اُس کے درمیان میں لوگوں کے لیے امید ہوتی ہے اور اُس کے آخر میں مہنگائی ہوتی ہے۔ اور اکثر اوقات اُس سے فنا ہونے کا عمل اُس کے بعد آتا ہے۔قوتیں سستی ہو جاتی ہیں۔نیکیاں زیادہ ہو جاتی ہیں۔اور موافق ہو جاتا ہے۔اُس کے لیے جو طاعات کیلئے موافق ہو جاتا ہے۔اُس میں بعض لڑائیاں واقع ہوتی ہیں۔اُس کے بعد سکون ہو جاتا ہے۔اور وباء زہرہ کے لیے زحل کی عداوت کی مناسبت کے لیے ہے اور زحل کے لیے زہرہ کی دشمنی اُس کے شرف کے گھر میں ہے۔اور اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔اور اگر اُس کا پہلا ہفتے کا دن ہے تو زحل اُس کا مالک بنتا ہے۔پس یہ روم کے لیے غلام کے بادشاہ بنانے' وبا کی کثرت' بخل اور مشائخ اور صالحین کے فنا ہونے پر دلالت کرتی ہے۔اور اُس میں اسباب کا رک جانا واقع ہوتا ہے۔اُس میں عجمی ملکوں کے بعض بادشاہ مرجائیں گے اور بچوں کی موت کے ساتھ بعض حاملہ عورتوں کے حمل گر جائیں گے۔اُس کا اول تنگی ہے اُس کا آخر آسانی ہے۔اُس میں خشک ہوائیں چلتی ہیں۔اور اکثر اوقات زحل کی روحانیت سے سوداء کا غلبہ لپیٹتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔

(تنبیہ) علماء نے ذکر کیا ہے کہ سالوں کے حال کی معرفت کوکب زحل کے چار طبائع کے بروج میں سے ایک میں حلول کے مطابق ہوتی ہے۔ جو بعض لوگوں کے نزدیک عناصر کے ساتھ معلوم ہیں۔اس حیثیت سے کہ موجودات میں سے اُس کی حد سے کوئی چیز نہیں نکلی۔اور یہ اس طرح ہے کہ جب اُس کا اول حلول ناری برج میں ہو تو یہ گرمی کی کثرت' مہنگائی اور لڑائی پر دلالت کرتی ہے۔اور جب برج ترابی میں ہو تو خشکی' طاقت اور زیادہ سستے ہونے پر دلالت کرتی ہے۔اور جب برج ہوائی میں ہو تو یہ بات مخلوق اور صنائع کے ظہور کے درمیان ملاپ' سبب ہونے' خوشی اور لھو کی باتوں پر دلالت کرتی ہے۔ اور ہر شئے میں آسان کرنے کا عمل انسان کے ساتھ مل گیا۔ اور زمانہ حرارت' ٹھنڈک' خشکی اور رطوبت کے لحاظ سے معتدل ہو گیا۔اور جب آبی برج میں ہو تو بڑی زرخیزی فصلوں کے بڑھنے' مبارک حصول' پاک زندگی اور لوگوں کے درمیان بعض میں سے بعض کے ساتھ محبت پر دلالت کرتی ہے۔اور اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔(جاری ھے)۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

# خدمت الملک معروف

تحریر: حکیم غلام سرور شباب' اوکاڑہ۔

ملک معروف سات زمینوں کے بادشاہوں کا قاضی ہے اس کی خدمت حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب اس عمل کی ریاضت کا ارادہ کیا جائے تو بدن کپڑے اور جگہ پاک و صاف ہوں اور قسم پڑھی جائے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ ریاضت کے طور پر اور اس کی ابتدا عروج ماہ میں سوموار سے کرنا چاہیے۔ اور سورۃ اخلاص پڑھی جائے اس سے پہلے۔ اس بات کو جمعرات کی رات عشاء کے بعد تک جاری رکھا جائے۔ اب خدمت الملک معروف کی ریاضت شروع ہوگی۔ پھر خلوت میں داخل ہو جائیں اور اعتکاف کی نیت کریں۔

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ فتح کی پہلی تین آیات یعنی

**انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر و يتم نعمته عليك و يهديك صراط مستقيما و ينصرك الله نصراً عزيزاً۔**

اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ اور سلام پھیر دے۔

پھر تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ الزمر کی یہ آیت پڑھیں۔ **حتی اذا جائوھا وفتحتا ابوابھا وقال لھم خزنتھا سلم علیکم طبتم فادخلوھا خلدین۔**

اور چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد نو مرتبہ اخلاص اور سلام پھیر دے۔ اور پانچویں میں فاتحہ کے بعد سورۃ البقرہ کی یہ آیات

**يحبونهم كحب الله والذين امنوآ اشد حبا لله ولويرى الذين ظلموا اذيرون العذاب ان القوة لله جميعاً وان الله شديد العذاب اذتبرا الذين اتبعوا من الذين ... سے ... فان زللتم من بعد ما جاءتكم البينت فاعلموا ان الله عزيز حكيم۔**

یعنی آیت نمبر ۲۰۹ تک اور چھٹی رکعت میں فاتحہ کے بعد اخلاص سات مرتبہ اور سلام پھیر دے۔ اور پھر اس کے بعد یہ پڑھیں۔ **سریعاً** ۹۱ مرتبہ **رفیعاً** ۱۷ مرتبہ اور **مطیعاً** ۵۱ مرتبہ پھر پڑھیں **اجب یا معروف مسرعا مطیعا** ۵۱ مرتبہ اس کے بعد یہ قسم سات مرتبہ پڑھی جائے گی۔

**اجب يا معروف مسرعا مطيعا لامر الله تعالى و ملائكته وكتبه ورسله واحضر في هذه الساعة واجب دعوتي وافعل ما امرك به ان الله لا يخلف الميعاد بارك الله فيمن اطاع الله و خشيه۔**

ایسا روزانہ ہی کیا جائے گا۔ یہاں تک کہ کسی بھی دن ملک معروف حاضر ہو جائے گا۔ پس جب ملک حاضر ہو تو اللہ تعالی کی حمد وثنا اور شکر ادا کریں۔ اس کے بعد ٹھہر جائیں۔ ملک معروف کے لیے اور بیٹھ جائیں اپنی خلوت میں تسلی بخش دل کے ساتھ خوش ہو کر۔

**بقیہ صفحہ نمبر 16 پر ملاحظہ فرمائیں۔**

free copy
khalidrathore.com
UpDtech Document Processing Solutions

قسط نمبر-4

# انکشافات رمل

## احکامات رمل عناصر در خانہ ھائے متفرق

آج سے قبل آپ تین اقساط کا مطالعہ فرما چکے ہیں جن میں نقطہ آتشی کی مکمل تشریح اور بادی نقاط کے خانہ چہارم تک کے ثمرات اور اثرات کا مطالعہ فرما چکے ہیں۔

آج آپ کی خدمت میں چوتھی قسط حاضر ہے۔ اس میں نقطہ بادی کے پنجم تا ہشتم کے نتائج پیش کیے جا رہے ہیں۔ کچھ رمال صرف عمل نقطہ سے کام لیتے ہیں بعض اشکال پر اکتفا کرتے ہیں بعض دونوں طریقوں پر مشترکہ عمل کرتے ہیں۔ آخری طریقہ سے رمال حتمی فیصلہ صادر کرسکتا ہے۔

## احکامات خانہ پنجم عنصر باد

اگر نقطہ بادی میزان سے متحرک ہو کر مختلف گھروں سے سیر کرتا ہوا خانہ ۵ میں منتہی ہو تو صورت خوشی و بشاشی کی ہے جو کہ اولاد، معشوق اور غائبی دوستوں کی طرف سے ہوتی ہے۔ اور اگر نقطہ آبی بھی اس شکل میں موجود ہو تو سائل کی بیوی حاملہ ہوتی ہے اور محبوب و معشوق سائل سے خوشخبری سننے کو مل سکتی ہے۔ اور اگر سائل فرزند کے بارے میں سوال کرتا ہے تو بصورت بالا لڑکا پیدا ہو گا۔ انشاء اللہ یا دوستوں سے تحفہ ہدیہ سے خوشی حاصل ہو گی۔ اگر نقطہ بادی پنجم میں انتہا پاوے اور وہاں خاکی نقطہ بھی ہو تو کسی قسم کی مصیبت سے واسطہ پڑے گا اور کدورت اور انتشار پیدا ہو۔ اور مختلف قسم کی پریشانیاں لاحق ہو گی۔ مثلاً ≡ پر منتہی ہو۔

## احکام عنصر باد درخانہ ششم

میزان سے حرکت کرنے والا بادی نقطہ جب خانہ ششم میں انتہا پاتا ہے اور ساتھی اُس کا آتشی نقطہ بھی ہو تو شفا کے مریض اور خرید و فروخت اجناس و حیوانات بھیڑ، بکری، اُون، ریشم وغیرہ کے لیے مبارک ہے۔ اور سائل افزونی ملک و مال کے لیے بے قرار ہے اگر اس شکل میں آبی نقطہ بھی موجود ہو تو ملک و مال کے علاوہ اور اشیاء کی ہوس سائل کو ہوتی ہے۔ نقطہ بادی کا ششم میں منتہی ہونا اس بات کی دلالت ہے کہ ضمیر سائل شادی خوشی کے بارے میں ہے لیکن رہائی محبوس کے لیے مکمل ناقص ہے۔ اور نقطہ خاکی بھی ششم میں موجود ہو تو مریض کے لیے مضر ہے۔ مگر گریختہ سے ملاقات متوقع ہو سکتی ہے۔ چوری کا مال ملنے کی اچھی علامت ہے باقی صورتوں میں اگر شکل ≡ ششم و پانزدھم میں ہو تو جملہ مقاصد آسانی سے حاصل ہوں۔ ششم بادی نقطہ کی موجودگی کے علاوہ اگر دوم میں ≡ ہو تو صحت مریض کے لیے نیک شگون تصور کیا جاتا ہے۔ اگر سوم میں ≡ اور پنجم میں ≡ اور میزان میں ≡ اور ششم میں ≡ ہو تو صحت کے لیے اچھی پیشن گوئی ہے۔

## احکام عنصر باد درخانہ ھفتم

خانہ ہفتہ اگر منتہی بہ ہو تو ضمیر شریکان وضدیان دعوی کا ہوتا ہے۔ دلیل ہے اس امر کی کہ شریک و غائب سے جلد ملاقات ہو سکتی ہے۔ اگر شکل ہذا میں نقطہ آب بھی ہو تو ملاقات غائب سے توقف کے بعد ہو گی اور اگر نقطہ خاکی بھی اُسی شکل میں ہو تو غائب کسی جگہ راستہ میں مقیم ہے اور اگر یہ شکل ≡ ہو تو سفر کے مبارک تصور کی جاتی ہے۔ لیکن

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

میاں بیوی میں ناچاقی اور نااتفاقی کی علامت ہے۔ اگر نقطہ خاکی بھی ہو تو کام کی ابتداء ناقص اور انجام بخیر ہو۔ لیکن شکل ≡ طریق کا اس خانہ میں ہونا نحس ہے ≡ عتبہ الداخل اگر ہو تو واپسی گریختہ کے لیے مبارک ہے اور ≡ قبض الخارج اور ≡ عتبہ الخارج کا حکم اس کے برعکس ہے۔

## احکام عنصر باد درخانہ ہشتم

میزان سے حرکت کرنے والا بادی نقطہ اگر خانہ ۸ میں منتہی ہو تو خوف وتنگدلی قرض و بدبختی سے ہو جس کی وجہ سے اعداء اور مفلسی ہوتی ہے۔ پس اگر یہ نقطہ خانہ ہشتم میں شکل ≡ پر انتہا پاوے تو ضمیر سائل کا حصول مال و دولت اور دفینہ ہوتا ہے۔ اور اگر منتہی بہ ≡ ہو اور خانہ اول (طالع) میں ≡ ہو تو بھی اس امر پر دلالت ہے کہ سائل کا رجحان طبع حصول مال مدفونہ یا رہائی محبوس یا وضع حمل حاملہ کی طرف ہے۔

اگر نقطہ باد آٹھویں شکل ≡ (اجتماع) پر خانہ ہذا میں منتہی ہو تو بھی یہی ضمیر پیدا ہوتا ہے کہ سائل میراث یا دفینہ حاصل کرنا چاہتا ہے لیکن تکلیف ناگوار گزرتی ہے۔

اگر نقطہ باد میزان سے متحرک ہو کر آٹھویں میں ≡ پر انتہا پاوے اور خانہ چہارم میں ≡ ہو تو دفینہ دفن ہے جو کہ باپ کا مال ہے اب اگر نقطہ بادی شکل میزانی کا اور نقطہ آب شکل میزانی کا ہشتم میں شکل ≡ پر انتہا پاوے اور شکل ≡ خانہ ا یا ۶ میں ہو تو امور سائل میں بجائے سعادت کے نحوست کا مظہر ہے۔ مگر صورت دیگر میں اگر خانہ دوم، ششم میں ≡ ہو تو مراد سائل بر آوے لیکن مریض کے لیے بری علامت ہے۔

اگر نقطہ بادی میزان سے حرکت کرتا ہوا خانہ آٹھویں میں انتہا پاوے اور دوم میں شکل ≡ اور ششم میں ≡ یا ≡ اور دوم میں ≡ ہو تو پھر ضمیر طلب مال میراث کا ہوتا ہے اور عزیز و اقارب اور عورتوں سے فائدہ ہو۔

اگر بادی نقطہ ہشتم میں انتہا پاوے اور دوم میں ≡ اور سوم میں ≡ ہو تو وضع حمل حاملہ اور رنجور و غائب کے لیے منحوس علامت ہے۔ اور اگر نقطہ بادی خانہ ششم میں منتہی ہو اور نقطہ آب ہفتم میں موجود ہو یا میزان کا نقطہ آب خانہ ہفتم میں انتہا پاوے اور شکل ≡ (طریق) خانہ دوم میں اور شکل ≡ خانہ سوم میں زائچہ کے اندر موجود ہوں تو مال دست رفتہ واپس ملے اور کوئی شخص مدد کرے۔ تجربہ یہ ہے کہ نقطہ بادی کا آٹھویں میں انتہا پاوے تو نحوست کا اظہار ہوتا ہے۔ عدم حصول مراد کی علامت۔ زحمتوں اور مصیبتوں کا اکثر و بیشتر سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب۔

**احکام عنصر آب انشاء اللہ اگلے ماہ ملاحظہ فرمائیے گا۔**

## بقیہ خدمت الملک معروف

پس ملک معروف تمہارے سامنے خوبصورت نورانی چہرے اور صاف پاکیزہ معطر لباس والے آدمی کی صورت میں آئے گا۔ اور کہے گا۔ **السلام علیك یا عبداللہ** -- تو کیا چاہتا ہے۔ اس وقت عامل کہے۔ **وعلیك السلام اثابك اللہ الثواب الجزیل کما اجبت فلیفس اجلا لا ولکن الاجلال للہ رب العالمین۔**

پس وہ تجھے خطاب کرے گا۔ کیا ارادہ رکھتا ہے تو مال کا۔ تو میں تجھے عطا کروں یا کسی دشمن کا تو اسے ہلاک کروں۔ یا محبت کا۔ یا اور کیا چاہتا ہے تو کہ میں اسے پورا کروں تو عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ کہے میں نہ تو مال نہ دشمن اور نہ محبت کا ارادہ رکھتا ہوں بلکہ میں تو تیرا مشاہدہ کرنا چاہتا ہوں۔ اور تجھے دیکھنا چاہتا ہوں۔ اور تیرے اچھے اخلاق تیری پاکیزہ روح اور تیرے قوی افعال کو۔ پھر عامل اسے کہے تو مجھ سے پوچھ میں تجھے جواب دونگا۔ اور تو میری اطاعت کر میں تیری اطاعت کرونگا۔ پس تجھے میرے ساتھ کوئی عہد یا پختہ عہد کرنا ہے۔ ملک معروف کا قول اچھا اور پختہ ہوگا۔ اور وہ عامل سے بھی عہد طلب کرے گا۔ پس عامل کے لیے ضروری ہے کہ اس سے اپنی پسند کا معاہدہ کرے۔ اور دوبارہ طلب کرنے کا طریقہ بھی پوچھ لے۔ اعمال خیر کے تمام کاموں میں ملک معروف عامل کا مددگار ہوگا۔ تمام ریاضت کے دوران عامل کو لازم ہے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی سے خلوت میں لوبان کا بخور روشن کرے۔ اور بعد تسخیر ملک معروف سے کسی بھی ناجائز امور میں مدد حاصل نہ کرے۔ اور تمام جائز امور زندگی کے لیے ملک معروف کی خدمت عامل کو حاصل رہے گی۔

free copy
khalidrathore.com

# خاتمہ سحر و جادو 100 طریقے

**طریقہ نمبر ۵۷:** ایک چینی کی پلیٹ پر مندرجہ ذیل آیت گلاب و زعفران سے لکھ کر سات روز تک مریض کو پلائیں۔ روزانہ نئی پلیٹ پر لکھیں اور ایک ساتھ سات پلیٹوں پر لکھوا کر رکھ لیں۔ صبح کو ۹ بجے پلیٹ دھو کر پلائیں۔ اور گلاب کے سات پھولوں پر اس آیت کو ایک پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اس پھول کو مریض کے پوری بدن پر ملیں۔ اور مندرجہ ذیل نقش سحر زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ سات ہی روز میں سحر سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے۔ **واتبعوا ما تتلوا الشیطین علی ملك سلیمن وما کفر سلیمن ولکن الشیطن کفروا یعلمون الناس السحر** (آیت ۱۰۲ سورۂ بقر پارہ ۱)۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۶۱ | ۳۵۵ | ۳۶۳ |
| [illegible] | [illegible] | ۳۵۷ |
| ۳۵۶ | ۳۶۴ | ۳۵۹ |

**طریقہ نمبر ۵۸:** کیسا بھی جادو ہو علوی ہو یا سفلی، کالا ہو، پیلا ہو۔ ہر قسم کے جادو کو زائل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عزیمت کو زرد رنگ کے کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ بارش کے پانی یا نہر کے پانی پر اس عزیمت کو چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور سحر زدہ کو صبح و شام گیارہ دن تک پلائیں۔ اور اتنی ہی تعداد میں سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھیں لیں اور گیارہ دن تک اس تیل سے مریض کے سر پر مالش کریں۔ انشاء اللہ کیسا بھی جادو ہو گا اتر جائے گا۔ اس عزیمت کو اگر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے گیارہ دن کے درمیان ۳ مرتبہ غسل بھی اگر سحر زدہ کو کرا دیں تو اور بھی جلدی جادو کے اثر سے نجات ملے گی۔

**یا الهی بطل السحر بحق ادم و بطل السحر بحق موسی و عیسی و هارون وبطل السحر بحق محمد مصطفی صلی الله علیه وسلم وبحق اصحاب لوط و بحق اصحاب بدو بحق جمیع المرسلین و بحق جمیع الاولیاء، وبحق جمیع المومنین برحمتك یا ارحم الراحمین۔**

> یہ مضمون روحانی عملیات کی کتاب صنم خانہ عملیات سے لیا گیا ہے۔

**طریقہ نمبر ۵۹:** اس نقش کو سحر زدہ کو لگا تار ۷ دن تک پلائے اور ایک نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ سحر کے اثرات سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے:-

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۱۰ |
| ۹ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۱۱ | ۶ |
| | | |

**طریقہ نمبر ۶۰:** الم اللہ کا یہ نقش بھی جادو سے نجات کے لیے تیر بہدف ہے۔ طریقہ علاج یہ ہے۔ ایک نقش تو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ سات گلاب و زعفران سے لکھ کر سات دن تک روزانہ ایک نقش مریض کو پلائیں اور سات نقش کالے کاغذ پر کچی پنسل سے لکھ کر مریض کے بدن پر مل کر اس کو جلا دیں اور مریض کو غسل کرا دیں۔ انشاء اللہ سات دن میں جادو سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے:-

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۳ | ۲۵۸ | ۲۶۵ |
| ۲۶۴ | ۲۶۲ | ۲۶۰ |
| ۲۵۹ | ۲۶۶ | ۲۶۱ |

**طریقہ نمبر ۶۱:** چار سو چالیس چنے کے دانے لیں۔ ہر ایک چنے پر ایک مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ پھر چالیس چنے

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions
راہنمائے عملیات ماہنامہ لاہور

اُبال کر ایک دن میں کھلائیں اور لگا تار ۱۱ دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔

دوسرا عمل اس کے ساتھ ساتھ یہ ہے کہ ایک بوتل پانی پر آیت کریمہ تین سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ آٹا گوندھتے وقت تھوڑا سا پانی اس بوتل میں سے ڈالیں۔ اس طرح ایک روٹی اس پڑھے ہوئے پانی کی پکا کر مریض کو کھلائیں۔ اس عمل کو بھی ۱۱ دن تک جاری رکھیں۔ تیسرا عمل اس کے ساتھ ساتھ یہ کریں۔ اس آیت کا نقش مثلث بنا کر ۱۱ عدد روزانہ ایک نقش ۱۱ دن تک لگا تار پلایا کریں۔ اور ایک نقش اسی آیت کا مربع نقش بنا کر مرض کے گلے میں ڈلوا دیں۔ انشاء اللہ گیارہ دن میں مریض کو سحر کے اثرات سے نجات ملے گی۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٧٩٢ | ٧٨٧ | ٧٩٤ |
| ٧٩٣ | ٧٩١ | ٧٨٩ |
| ٧٨٨ | ٧٩٥ | ٧٩٠ |

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۹۳ | ۵۹٦ | ۵۹۹ | ۵۸۵ |
| ۵۹۸ | ۵۸٦ | ۵۹۲ | ۵۹٧ |
| ۵۸٧ | ٦٠١ | ۵۹۴ | ۵۹۱ |
| ۵۹۵ | ۵۹۰ | ۵۸۸ | ٦٠٠ |

**طریقہ نمبر ۶۲:** آسیب اور سحر دونوں کے لیے ایک نادر عمل نقل کیا جاتا ہے۔ یہ عمل الیس اللہ بکاف عبدہ کا ہے۔ یہ آیت ۲۴ ویں پارے کے پہلے ہی رکوع کی ہے۔ ایک بوتل یا نصف بوتل پانی پر اس کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھیں لیں۔ اس کے بعد ایک سفید مرغ لیں۔ یہ مرغ اذان دینے والا ہونا چاہیے۔ لیکن اگر آسیب زدہ یا سحر زدہ عورت ہو تو پھر سفید مرغی لینی چاہیے۔ اور مرغی ایسی ہونی چاہیے جس نے کم سے کم ایک مرتبہ انڈا دیا ہو۔ اس مُرغے یا مرغی کو ذبح کر لیں۔ اور اس کی دائیں ٹانگ کو جدا کر دیں۔ اور بائیں بازو کو بھی الگ کر لیں۔ اور پھر اس کو پکا لیں۔ اس کو پکاتے وقت ان چیزوں کو استعمال کریں۔

کشنیز، سیاہ مرچ، مرغی کے انڈے کی زردی، سونٹھ، روغن زیتون۔ ورنہ گائے کے اصلی گھی میں پکائیں۔ اُن کے علاوہ ذائقہ پیدا کرنے کے لیے حسب خواہش کچھ اور بھی ڈال سکتے ہیں۔ لیکن یہ چیزیں ضروری ہیں۔ اور انکی مقدار حسب خواہش رکھنی چاہیے۔ نمبر ایک ایسا شخص جس کی ماں ہو باپ نہ ہو۔ نمبر دو ایسا شخص جس کا باپ ہو ماں نہ ہو۔ نمبر تین ایسا شخص جس کے ماں باپ دونوں نہ ہوں۔ نمبر چار ایسا شخص جس کے ماں باپ دونوں موجود ہوں۔ کھانا کھلانے کے بعد ان چاروں حضرات کے ہاتھ اسی بالٹی میں دھلوائیں۔ جس بالٹی میں مریض کے ہاتھ دھلوائے تھے۔ اس کے بعد ایک چینی کی پلیٹ پر سورہ کافرون کا نقش گلاب و زعفران سے لکھیں اور دوسری پلیٹ پر سورۂ قریش کا نقش لکھیں۔ پھر ان دونوں پلیٹوں کو دھو کر آدھا پانی مریض کو پلا دیں۔ اور آدھا پانی اُس بالٹی میں ڈال دیں۔ جس میں مریض کے اور چاروں حضرات کے ہاتھ دھلوائے گئے تھے۔ اس کے بعد اس پانی کو نیم گرم کر کے اگر سردی ہو تو تیز گرم کر کے مریض کو نہلا دیں۔ اور اس کے بعد مریض کے گلے میں الیس اللہ بکاف عبدہ کا نقش لکھ کر ڈال دیں۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨٨ | ٩١ | ٩٥ | ٨١ |
| ٩٤ | ٨٢ | ٨٧ | ٩٢ |
| ٨٣ | ٩٧ | ٨٩ | ٨٦ |
| ٩٠ | ٨٥ | ٨٤ | ٩٦ |

سورۂ کافرون کا نقش جو چینی کی پلیٹ پر لکھنا ہے وہ یہ ہے۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٩٤٥ | ٩٤٠ | ٩٤٧ |
| ٩٤٦ | ٩٤٤ | ٩٤٢ |
| ٩٤١ | ٩٤٨ | ٩٤٣ |

تین دن تک مریض کو عصر اور مغرب کے درمیان اس عزیمت کو لکھ کر کاغذ کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر پھر کوئلے جلا کر اس میں یہ کپڑا ڈال دیں اور مریض کو دھونی دیں۔ کوئلوں پر ۲۱ دانے سیاہ مرچ کے اور کچھ لوبان بھی ڈال لیں۔

عزیمت یہ ہے۔ **حم س حم س بسم س بسم س احرقنا فرعون و ثمود وصهال ه /ع ه/ع ه/ع واله ها۔** انشاء اللہ تین دن ہی میں جادو اور ٹونکے کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔

**جاری ہے**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: علامہ عمران حمید اشرفی، لاہور۔

# عید الفطر: خوشی اور مغفرت کا مبارک دن

حمد و ثنا اللہ جل شانہ کے لیے خاص ہے جو رب العلمین ہے اور بے شمار درود و سلام ہو ہادی برحق، ساقی حوض کوثر، حضور پرنور، شافع یوم النشور، سرور کائنات، فخر موجودات، سرکار دو عالم، خاتم النبیین، شفیع المذنبین، رحمتہ للعلمین، صاحب لولاک، جناب رسالتمآب، حبیب کبریا، رسول اللہ، احمد مجتبےٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اطہار اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر۔

عید کا معنی عام طور پر "مسرت اور خوشی" کیا جاتا ہے۔ عید کو عید اس لیے بھی کہتے ہیں کہ یہ لفظ عید "عود" سے بنا ہے جس کے معنی ہیں "لوٹنا"۔ چونکہ یہ ہر سال لوٹ کر آتی ہے اور اپنے ساتھ انبساط اور خوشی کے لمحات لاتی ہے۔ اس لیے اسے عید کہتے ہیں۔

یکم شوال المکرم کو عید الفطر کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ افطار اور فطر ہم معنی ہیں۔ جس طرح ہر روزہ کا افطار، غروب آفتاب کے بعد کیا جاتا ہے اسی طرح رمضان المبارک کے پورے مہینہ کا افطار عید سعید کے روز ہوتا ہے۔ اسی لیے اس یوم مبارک کو عید الفطر کہتے ہیں۔

صرف مسلمانوں ہی میں نہیں بلکہ ہر قوم اور مذہب میں ہمیں عید کا تصور ملتا ہے۔ قبل از اسلام سابق انبیاء علیہم السلام کی اُمتیں بھی عید منایا کرتی تھیں۔ مثلاً ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ کو جس دن اللہ جل شانہ نے قبول فرمایا بعد میں آنے والے اُس دن عید منایا کرتے تھے، حضرت ابراہیمؑ کو نمرود کی آگ سے نجات ملنے، حضرت موسیٰؑ کو فرعون کے ظلم وستم سے نجات ملنے، حضرت یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے نجات ملنے اور حضرت عیسیٰؑ کو آسمان سے مائدہ کے نازل ہونے کے حوالے سے عیدیں منائی جاتی ہیں۔

غرض یہ کہ عید کا تصور ہر قوم، ملت و مذہب میں ہر دور میں موجود رہا ہے لیکن عید سعید کا جتنا عمدہ اور پاکیزہ تصور ہمارے دین اسلام میں موجود ہے ایسا کسی اور دین میں نہیں۔ عید کو عید کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس دن حق جل شانہ نے روزے داروں کو اُجرت دینے کا وعدہ فرمایا ہے۔ اس اعتبار سے عید 'وعد' سے ماخوذ ہے۔ بطور دلیل حدیث مبارکہ درج ذیل ہے:۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب عید الفطر کی رات ہوتی ہے تو اُس کا نام آسمانوں پر لیلۃ الجائزہ (انعام کی رات) لیا جاتا ہے اور جب عید الفطر کی صبح ہوتی ہے تو حق تعالیٰ شانہ فرشتوں کو تمام شہروں میں بھیجتے ہیں وہ زمین پر اُتر کر گلیوں اور راستوں کے سروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ایسی آواز سے پکارتے ہیں جس کو جنات اور انسانوں کے علاوہ ہر مخلوق سنتی ہے کہ اے محمد ﷺ کی اُمت اس رب کریم کی بارگاہ کی طرف چلو، جو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے اور بڑے سے بڑے قصور کو معاف فرمانے والا ہے۔ جب لوگ عید گاہ کی طرف نکلتے ہیں تو اللہ جل شانہ (علم رکھنے کے باوجود) فرشتوں سے دریافت فرماتے ہیں کہ کیا بدلہ ہے اُس مزدور کا جو اپنا کام پورا کر چکا ہو، وہ عرض کرتے ہیں کہ ہمارے معبود اور ہمارے مالک اُس کا بدلہ یہی ہے کہ اُس کی مزدوری پوری پوری دے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

دی جائے تو اللہ رب العزت فرماتے ہیں کہ اے فرشتو میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو رمضان المبارک کے روزوں اور تراویح کے بدلہ میں اپنی رضا اور مغفرت عطا فرمادی اور بندوں سے خطاب فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ میرے بندو مجھ سے مانگو میری عزت کی قسم' میرے جلال کی قسم' آج کے دن اپنے اجتماع میں اپنی آخرت کے بارے میں جو سوال کرو گے' عطا کروں گا۔ میری عزت کی قسم' جب تک تم میرا خیال رکھو گے تمھاری لغزشوں پر' ستاری کرتا رہونگا اور اُن کو چھپاتا رہونگا۔ میری عزت کی قسم اور میرے جلال کی قسم' میں تمہیں مجرموں اور کافروں کے سامنے رسوا نہ کرونگا۔ بس اب بخشے بخشائے اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ تم نے مجھے راضی کر دیا اور میں تم سے راضی ہو گیا۔ فرشتے اس اجر و ثواب کو دیکھ کر خوشیاں مناتے ہیں اور کھل جاتے ہیں جو اس اُمت کو عید الفطر کے دن ملتا ہے۔

## عید الفطر کے روز مسنون اعمال

(۱) صبح کو بہت جلد بیدار ہونا۔ (۲) مسواک کرنا۔ (۳) غسل کرنا۔ (۴) حسب استطاعت عمدہ کپڑے پہننا۔ (۵) خوشبو لگانا۔ (۶) شریعت کے مطابق اپنی آرائش کرنا۔ (۷) عید الفطر کے روز صبح صادق کے بعد اور عید گاہ جانے سے پہلے کوئی میٹھی چیز کھانا۔ (۸) عید کی نماز عید گاہ میں پڑھنا۔ (۹) عید الفطر کی نماز تاخیر سے جبکہ عید الاضحیٰ کی نماز جلدی پڑھنا۔ (۱۰) عید الفطر کے روز عید گاہ جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا۔ (۱۱) عید گاہ میں بہت جلد جانا۔ (۱۲) ایک راستہ سے عید گاہ جانا اور دوسرے راستہ سے واپس آنا۔ (۱۳) عید الفطر پر عید گاہ جاتے ہوئے تکبیر تشریق آہستہ آواز سے پڑھنا یعنی اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد۔ (۱۴) پیدل چل کر عید گاہ جانا۔

## صدقہ فطر کے مسائل

اگر کسی مسلمان پر زکوۃ تو فرض نہ ہو مگر اُس کے پاس ضروری سامان سے زائد اتنا مال ہو کہ جس کی قیمت باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو اگرچہ وہ مال تجارت نہ ہو اور اُس پر ابھی پورا سال بھی نہ گزرا ہو تب بھی اُس پر صدقہ فطر واجب ہے اور اگر زائد مال کی قیمت باون تولہ چاندی کی قیمت سے کم ہو تو ایسے شخص پر صدقہ فطر واجب نہیں ہے۔

اگر کسی مسلمان کے پاس ضروری سامان سے زائد مال ہے اور اُس کی قیمت باون تولہ چاندی کی قیمت سے زیادہ ہے مگر وہ شخص قرض دار بھی ہے تو قرض کو زائد مال کی قیمت میں سے منہا کرنے کے بعد بھی اگر زائد مال کی قیمت مذکورہ نصاب کے برابر رہے تو اُس پر صدقہ فطر واجب ہے اور اگر کم رہے تو واجب نہیں ہے۔

صدقہ فطر عید الفطر کے روز صبح صادق کے وقت واجب ہوتا ہے اگر مذکورہ وقت کے آنے سے قبل ہی کسی کا انتقال ہو جائے تو اُس پر صدقہ فطر واجب نہیں ہوتا لہذا ورثا کو اُس کی طرف سے ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی بچہ صبح صادق کے گزر جانے کے بعد پیدا ہوا تو اُس کی طرف سے بھی صدقہ فطر ادا کرنا واجب نہیں ہے ہاں البتہ جو بچہ عید الفطر کے روز صبح صادق سے پہلے پیدا ہوا تو اُس کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا واجب ہے۔

(۱) والد پر اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے یہ صدقہ ادا کرنا واجب ہے اور اگر والد اپنی بالغ اولاد اور خاوند اپنی بیوی کی جانب سے یہ صدقہ ادا کر دے تو ادا ہو جائے گا اگرچہ بالغ اولاد اور بیوی صاحب نصاب ہوں یا نہ ہوں۔ (۲) اگر کسی شخص نے رمضان المبارک کے روزے کسی بھی وجہ سے نہ رکھے ہوں تب بھی اُس پر صدقہ فطر واجب ہے محض روزے نہ رکھنے سے معاف نہیں ہوتا۔ (۳) عید الفطر کی نماز کے لیے جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کر دینا بہتر ہے بصورت دیگر نماز کے بعد بھی ادا کیا جا سکتا ہے۔ (۴) اگر کسی نے رمضان المبارک میں ہی صدقہ فطر ادا کر دیا تو ادا ہو جائے گا۔ اب عید الفطر کے روز دوبارہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (۵) اگر کوئی شخص عید الفطر کے روز بھی یہ صدقہ ادا نہیں کر سکا تو یہ معاف نہیں ہو گا بلکہ بعد میں بھی ادا کرنا ضروری ہو گا۔ (۶) ایک فرد کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنے کا نصاب تقریباً دو کلو گندم ہے۔ (۷) کئی افراد یا ایک فرد کا صدقہ فطر کسی ایک مستحق کو دے دیا جائے یا تھوڑا تھوڑا کر کے کئی مستحقین کے درمیان تقسیم کر دیا جائے۔ دونوں طرح جائز ہے۔ اگر گندم کی بجائے اُس کی مروجہ قیمت ادا کر دی جائے تو یہ زیادہ اچھا ہے۔ (۸) صدقہ فطر کا نصاب مرد' عورت اور بچوں میں سے ہر ایک کے لیے یکساں ہے اس میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

(۹) صدقہ فطر کے مستحق وہی لوگ ہیں جو زکوۃ کے مستحق ہیں۔

## عید الفطر کی نماز کا طریقہ

مقتدی کی نیت: میں نیت کرتا ہوں دو رکعت نماز عید الفطر واجب ساتھ چھ زائد تکبیروں کے اس امام کی اقتدا میں اللہ کی رضا کے لیے منہ میرا خانہ کعبہ کی طرف۔ نیت ارادہ کا نام ہے الفاظ میں نیت کو ادا کرنا ضروری نہیں ہے اور اگر کوئی شخص ادا کر لے تو کوئی حرج بھی نہیں ہے۔

مقتدی امام کے ساتھ تکبیر تحریمہ یعنی اللہ اکبر کہتا ہوا دونوں کانوں کی لوؤں تک ہاتھ اُٹھائے اور پھر عام نماز کی طرح ہاتھ باندھ لے۔ ثنا (سبحنک اللھم) پڑھے۔ پھر قرات شروع کرنے سے پہلے امام تین بار تکبیر کہے گا۔ مقتدی امام کے ساتھ ہر تکبیر پر کانوں کی لوؤں تک ہاتھ اُٹھائے گا۔ پہلی دو تکبیروں پر ہاتھ کھلے چھوڑ دے اور تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لے۔ امام قرات کرے گا اور مقتدی خاموشی سے سنے گا۔ قرات کے بعد امام کے ساتھ رکوع اور سجدے کر کے پہلی رکعت مکمل کر لیں۔ دوسری رکعت میں قرات کے بعد رکوع میں جانے سے پہلے امام پھر تین بار تکبیر کہے گا۔ مقتدی امام کے ساتھ ہر تکبیر پر کانوں کی لوؤں تک ہاتھ اُٹھائیں اور پھر چھوڑ دیں۔ چوتھی تکبیر پر ہاتھ نہیں باندھنے بلکہ امام کے ساتھ رکوع میں چلے جائیں گے اور بقیہ نماز عام نماز کی طرح مکمل کر لیں۔ نماز کے بعد امام صاحب خطبہ دیں گے۔ اس خطبہ کا سننا مقتدی کے لیے واجب ہے۔

## شوال المکرم کے روزوں کی شرعی حیثیت و فضیلت

رمضان المبارک کے رخصت ہونے کے بعد عید الفطر کے دن روزہ رکھنا جائز نہیں کیونکہ اس روز اللہ رب العزت نے ہمیں کھانے پینے کا حکم فرمایا ہے لہذا اس روز کھانا پینا ہی ثواب ہے۔

پھر عید الفطر کے بعد شوال المکرم کے چھ روزے رکھنا نفل ہیں، فرض یا واجب نہیں ہیں۔ نفل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان اللہ جل شانہ کی توفیق کے ساتھ یہ روزے رکھتا ہے تو اُس کے لیے بڑا اجر و ثواب ہے اور اگر نہیں رکھتا تو اُس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

شوال المکرم کے ان روزوں کی متعدد احادیث مبارکہ میں بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے بعض فقھا کرام فرماتے ہیں کہ عید الفطر کے ان روزوں کو رمضان المبارک کے روزوں سے وہی نسبت ہے جو سنتوں کو فرض نماز سے ہے۔ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد جو شخص شوال المکرم کے چھ روزے رکھے تو گویا وہ ہمیشہ روزے سے رہا۔ (مسلم ابو داؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)۔

ایک اور حدیث میں فرمان رسول ﷺ ہے کہ اللہ رب العزت نے ایک نیکی کو دس نیکیوں کے برابر کیا ہے پس ایک مہینہ (رمضان المبارک) تو دس ماہ کے برابر ہوا۔ اور بعد از عید الفطر چھ روزوں سے پورا سال ہو گیا۔ (نسائی)۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ راوی ہیں کہ خاتم الانبیاء جناب رسالتمآب نے ارشاد فرمایا کہ جس نے رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد شوال المکرم کے چھ روزے رکھے تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو گیا کہ جس طرح اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے بعد پاک تھا۔ (طبرانی۔ اوسط)۔ رمضان المبارک کے روزے تو دس ماہ کے برابر ہو گئے اور اُس کے بعد چھ روزے دو ماہ کے برابر ہیں (یعنی شوال المکرم کے) (ابن خزیمہ)۔

عوام الناس میں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ شوال المکرم کے یہ روزے عید الفطر کے فوراً بعد رکھنے ضروری ہیں مگر یہ بات درست نہیں ہے بلکہ عید الفطر کے گزر جانے کے کچھ دن بعد بھی اپنی سہولت کے پیش نظر اگلے ماہ یعنی ذی قعدہ کے شروع ہونے سے پہلے پہلے کوئی سے چھ دنوں میں رکھے جا سکتے ہیں۔ البتہ جب یہ روزے رکھنے شروع کیے جائیں تو لگاتار رکھنا بہتر ہے مگر ضروری ہرگز نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اخلاص کے ساتھ عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

..................

☆ انسان کا پیٹ اس کا دشمن ہے۔ (عربی کہاوت)

☆ بھرا ہوا پیٹ نصیحت نہیں سنتا۔ (روسی کہاوت)

☆ تھوڑا کھاؤ عیش مناؤ۔ (ہندوستانی کہاوت)

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# محفل حاضرات

از: ملازم حسین اسلام آباد۔

اس عمل میں جب عامل دوران عمل (علاج) طلسم کا ورد شروع کرتا ہے تو جادو سحر جل کر بھسم ہو کر خاک مسان کی صورت میں مریض کے جسم سے خارج ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ دیکھنے والوں کو حیرت ہوتی ہے۔ اور مریض چند ہی منٹوں میں سفلی جادو کی نحوست سے پاک ہو جاتا ہے۔

اس عمل میں سب سے پہلے عامل ایک طلسم پڑھ کر مریض کو سلا دیتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں مریض بے ہوش ہو جاتا ہے۔ عامل کو چاہیے کہ بے ہوشی طاری کرنی والی عبارت پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ حصار والی عبارت پڑھ کر اپنا حصار کر لے۔ اس کے بعد بے ہوش کرنے والی عبارت ۱۱ مرتبہ پڑھ کر مریض کے اوپر سر سے پاؤں تک پھونک مارے۔ اس وقت مریض کو ایسا محسوس ہوگا جیسے اس کو بخار چڑھ رہا ہے۔ مریض کا جسم کانپنا شروع ہو جائے گا۔ تھوڑی دیر کے بعد مریض بے ہوش ہو جائے گا۔ اس کے بعد عامل جب اس کا نام لے کر پکارے گا تو مریض بالکل اس طرح بولے گا جس طرح باہوش لوگ بولتے ہیں وہ عامل کے ہر سوال کا جواب دے گا۔ حالانکہ بظاہر وہ بے ہوش ہوگا۔ عامل مریض سے پوچھ سکتا ہے کہ یہ جادو کس طرح کا ہے؟ جادو کس نے کرایا ہے؟ جادو کی مدت کتنی ہے؟ جادو کو باطل کرنے کا طریقہ کیا ہوگا؟ وغیرہ اس طرح تمام معلومات حاصل کرنے کے بعد عامل ہوش میں لانے والی عبارت تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے گا۔ تو مریض ہوش میں آ جائے گا۔

عامل مریض کو ہوش میں لانے کے بعد اُسے اپنے سامنے کھڑا کر دے۔ اور ایک چھری پر ذیل کا عمل تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر اس چھری کو مریض کے سر سے پاؤں کی طرف اتارے۔ اور زمین پر ایک لکیر سامنے سے اپنی طرف کو کھینچے۔ اسی طریقے سے تین لکیریں برابر کھینچے۔ اس وقت مریض کے جسم سے بدبودار خاک مسان کی طرح گرم گرم خاک نکلنی شروع ہوگی۔ جب یہ خاک ٹھنڈی ہو جائے تو اس کو اٹھا کر کسی کپڑے میں پوٹلی باندھ لے اور دریا میں بہا دے۔ یہ عمل بہت ہی طاقتور ہے۔ شائقین خوب اچھی طرح سمجھ کر اس کی شروعات کریں۔ عمل حصار یہ ہے:-

**هُویَا یَا قِداً یَوُقاًقَاهِداً هوُ قَبُهَا یَا قَائِیَوُ طَسُماً قَایاً حاَسَا خَسیاً سَا ها خَبسَاً یَا هَالِیُخاً یَا مَالِیُقاً یَاها مَا همَا لِیُخجاً کَهَا عَمُساً هَطَا سَمغاً اَهاحَمَا طَلَماهَا مَیَ مَلُطَا حَمِیطًا طَمِبُهاً هَمِبُهاً هَمُطَتاً مَشْعَصطاً وَاَسُوعاً شَا هِیُماً عَاسُوءً اشَامِهَا هُوُمَا ذَابُوهاَذَاموُهَا هوِیُداً رَوَیداًه**

سحر و جادو کو مریض پر حاضر کرنے اور مریض کو بے ہوش کرنے والی عبارت ذیل ہے۔

**کَشعًا کَشکُعُوشًا کَشطًا کَشکُعُوطًا طَشکَاَ طشکُوشاً کشوطاشا کشوعا کیها عَصَایَاهَیَا کعُصَا سَیُوحَا جهالاسِ کسَطسُطَا اَهطا طٍ هیفطا حَطینَا حَمَحنَاً قُطُوُشِ یُسوسِ زیدُ وحَایدُوُ حایُوُ کَاَسَا طَالُومَاسَاد یُمُوسَاها قُیومَاسَاه**

مریض کو بیدار کرنے والی عبارت یہ ہے۔

**ضَقَاً هلصَلُهَاتاهلُهَایَابَرْیاَاَوُصلُ صَایَا صَوِمَا مَا بَهَطَیُفِ طِیَعاً اَسَمَا طُونَا اَطُوَانَا هکشُوَ یَوُکش فاهیَا رَوُشِ دوسِ دوشِ شَفُوُمِ مَهُیُومِ فَقُوسِعَلُشَافَش فَاهُیُوشِ عَلَاقُونِ کُوُنَاً قَاقِرِیُعَاً سَرِیُعاَه**

عامل اس عمل کے لیے کسی خلوت کی جگہ کا اہتمام کرے۔ اور سورج غروب ہونے کے بعد ہی اس عمل کو انجام دے۔ دوران عمل لوبان اور اگربتی وغیرہ جلائی جائے اور عمل کے بعد حسب مقصود صدقہ ادا کیا جائے۔ عمل سے فارغ ہونے کے بعد عامل کو چاہیے کہ وہ مندرجہ ذیل آیات قرآنی ایک تعویذ کی شکل میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ آیات یہ ہیں۔

**بسم الله الرحمن الرحیم ٥ بسم الله وباالله بسم الله وماشاء الله بسم الله لاحول ولاقوة الا باالله العلی العظیم ٥ قال موسی ماجئتم به السحران الله سیبطله ان الله لا یصلح عمل المفسدین ٥ ویحق الله الحق بکلمته ولو کره المجرمون ٥ فوقع الحق وباطل ما کانو یعملون ٥ فغلبوهنالك وتقلبو ساغرین۔**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions




# سحر جادو اور شفاءِ امراض

از: پیر سید علی شاہ جیلانی، فیصل آباد۔

ہر قسم کے جادو اور پیچیدہ امراض کے لیے دیسی چینی کی چاولوں پر پلیٹ پر زعفران روح کیوڑہ یا عرق گلاب یا آب زمزم میں حل کر کے روزانہ ایک پلیٹ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر لکھ کر کسی بھی عرق یا پانی سے دھو کر چالیس دن پلائی جائے بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کی لاعلاج بیماریوں اور جادو وغیرہ کے اثرات کلی طور پر زائل ہو کر صحت وتندرستی ہوگی۔ ایک ہی ایک روایت آیات سحر و جادو سے متعلق ابواللیثؒ نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے کی ہے۔ کہ جس کسی کو جادو ہو تو یہ آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے اللہ چاہیں گے تو شفا ہو جائے گی۔ لیکن چینی کی پلیٹوں پر لکھ کر پلانے کے لیے سب سے پہلے تسمیہ یعنی بسم اللہ شریف۔ پھر پوری سورت الفاتحہ لکھے پھر آیات سحر و شفاء درج ذیل لکھے۔ پلیٹ پر آیات لکھتے وقت اعراب لگانے کی ضرورت نہیں۔

**فلما القوا قال موسى ماجئتم به السحر۔ ان الله سيبطله۔ ان الله لا يصلح عمل المفسدين۔ ويحق الله الحق بكلمته ولو كره المجرمون۔ (سورت یونس آیت نمبر ۸۱-۸۲)۔**

**فوقع الحق وبطل ما كانوا يعملون۔ فغلبوا هنالك وانقلبو صغرين۔ والقى السحرة سجدين۔ قالوا امنا برب العلمين۔ رب موسى و هرون (سورت الاعراف آیت نمبر ۱۱۸ تا ۱۲۲)۔**

**والق ما فی یمینك تلقف ما صنعو انما صنعوا كيد سحر ولا يفلح السحر حيث اتى۔ (سورت طه آیت نمبر ۶۹)۔**

**ويشف صدور قوم مومنين۔ وشفاء لما في الصدور۔ قل هو للذين امنوا هدى و شفاء۔ يخرج من بطونها شراب مختلف فيه شفاء للناس۔ واذا مرضت فهو يشفين۔ وننزل من القران ما هو شفاء و رحمة للمومنين۔**

بعض عاملین حضرات سورت فاتحہ مع تسمیہ، آیات سحر و جادو اور آیات شفاء کاغذ پر لکھ کر فریم کروا کر سحر زدہ گھر میں دیوار کے ساتھ آویزاں کرنے کو بھی دیتے ہیں تا کہ مکان سے بھی اثرات سحر باطل ہو جائیں۔ بعض دفعہ اُس گھر کے پانی کو بوتل میں ڈال کر اُس پر یہ آیات گیارہ یا اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں اور روزانہ تھوڑا تھوڑا پانی صرف صحن میں چھڑکا کریں۔ اسی طرح چالیس روز پانی چھڑکیں۔ بعض حضرات انہیں آیات کا مریض پر پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ الغرض یہ آیات جملہ اقسام جادو اور جملہ اقسام امراض میں تیر بہدف ہیں۔ عامل کا متقی اور پرہیز گار ہونا ضروری ہے۔ آیات بھی باوضو پڑھ کر دم کرے اس لیے کہ وضو سے روحانیت پیدا ہوتی ہے اور طہارت و پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔ آیات میں کتابت کی وجہ سے کمی بیشی ہو جائے تو قرآن مجید سے دیکھ کر اعراب صحیح کر کے پڑھیں تاکہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔

free copy
UrduTech Document Processing Solutions
khalidrathore.com

# آپ کا برج

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں۔

سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔

# ماہانہ حالات

علم نجوم کی روشنی میں

از: شہباز انجم

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہو گا۔

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ عزیمت برائے رجعت ونحوست سیارگان یوں ہے۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

## عددی جدول

| | |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، پ، ک، گ، ر، ڑ | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ھ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

مثال: اکبر = ا ک ب ر
= ۱ ۲ ۲ ۲ = ۷

## برج حمل



21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔ مریخ

حروف۔۔ ا، ل، ع، ی پتھر۔۔ مرجان دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ سرخ دھات۔۔ لوہا، تانبہ عدد۔۔ 9

**1-8**

برج حمل کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج قوس والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتے میں آپ پر گھریلو ذمہ داریوں کا بوجھ رہے گا۔ ذرائع آمدن کے لیے کیا گیا اندرون ملک سفر آپ کو کامیابیوں سے ہمکنار کرے گا۔ لیکن آپ کے رشتے دار آپ کی راہ میں رکاوٹیں ڈالیں گے۔

**9-16**

اس ہفتے میں سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن آپکی ذہنی پریشانی کو کم کرے گی۔ بیرون ملک سفر کرنے کے خواہش مند افراد کو بھرپور مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں اُن کی کوششیں رنگ لائیں گی۔ شریک حیات کے رشتے داروں سے فائدہ مل سکتا ہے۔

**17-23**

کاروباری افراد کو اس ہفتے میں بزنس کو بڑھانے اور شراکتی امور سے کام کرنے کا موقع ملے گا۔ عزت وقار اور شہرت میں اضافہ ہو گا لیکن سیارہ زہرہ کی ناموافق نظرات کسی جانب سے پریشانی لا سکتی ہیں۔ اس لیے جذباتی وابستگیوں کو کم کرنے کی کوشش کریں۔

**24-31**

ماہ کا یہ ہفتہ آپ کی مصروفیات کو بڑھائے گا لوگوں کی طرف سے آپ کو بھرپور مدد ملے گی۔ سیارہ شمس کی بدلتی ہوئی پوزیشن آپ کے کاروبار کو ترقی دے گی۔ آپ کے دوست ہی آپ کی کامیابی

راہنمائے عملیات کو اپنے دوستوں، رشتے داروں اور علوم مخفی کے ماہرین سے متعارف کروائیں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

کی سیڑھی بنیں گے۔لیکن کسی ایسے دوست کے ساتھ کاروباری شراکت نہ کریں۔جس کا تعلق کسی دوسرے شہر سے ہو۔کاروبار کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگی۔اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر ۹۳۵ ہیں۔



## برج ثور

21 اپریل تا 20 مئی — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ب، د — پتھر۔۔الماس — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔6

### 1-8

برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جدی کے تحت آنے والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔ ہفتے کی ابتداء مالی معاملات میں بہتری لائے گی۔۳ اور ۴ تاریخیں اندرون ملک سفر کے لیے بہتر ہیں۔کاروباری امور کے لیے کیا گیا سفر بہتری لے کر آئے گا۔رشتے داروں کی طرف سے بھرپور تعاون ملے گا۔

### 9-16

اس ہفتے میں ۹ تاریخ کو سیارہ مریخ برج حوت میں داخل ہوگا۔ثور افراد کے لیے مریخ کا برج حوت میں داخل ہونا فائدہ مند ثابت ہوگا۔آپ کو بڑی عمر کے افراد سے فائدہ ملے گا۔لوگوں کے ساتھ وابستہ امیدیں پوری ہونگی وہ لوگ جنہوں نے آپ کو تعاون کی یقین دہانی کروائی تھی اب کام پایہ تکمیل کو پہنچے گا۔

### 17-23

کاروباری افراد کے لیے ۱۸ تا ۲۰ تاریخیں کسی نئے کام کی شروعات کے لیے مناسب ہیں۔کاروباری حالات و واقعات میں معمولی ردوبدل ہوگی۔جبکہ ۲۳ تاریخ کو اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اس دن لمبے سفر پر جانے سے صدقہ خیرات ضرور دیں تاکہ مشکلات آپ کے سر سے ٹلی رہیں۔

### 24-31

سیارہ زہرہ ۲۷ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔اب زحل کے نحس اثرات اس پر غالب نہ آئیں گے۔یہ آپ کی شخصیت میں نکھار کا باعث ہوگا۔شمس اور زہرہ کی ایک ہی جگہ پر موجودگی بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لیے بہتر ہے۔شریک حیات کے رشتے دار آپ کو فائدہ پہنچائیں گے۔بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند افراد آپ کے لیے فائدہ کا باعث ہونگے۔اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر ۵۹۰ ہیں۔



## برج جوزا

21 مئی تا 20 جون — سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔ک، ق — پتھر۔۔زمرد — دن۔۔بدھ

رنگ۔۔زرد، سرخی مائل — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔5

### 1-8

برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد کے تحت آنے والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔اس ہفتے کی ۱۳ اور ۱۴ تاریخیں آپ کے لیے اہم ہیں۔سیارہ زہرہ برج قوس میں داخل ہو گا۔ ازدواجی و اشتراکی امور اہمیت کے حامل ہونگے۔شادی کے خواہش مند افراد کی کسی جگہ پر بات چل سکتی ہے۔

### 9-16

اس ہفتے کی ابتداء میں ۹ تاریخ کو مریخ برج حوت میں داخل ہوگا۔خاص طور پر کاروباری افراد کو فائدے میسر آئیں گے۔کسی نئے کاروبار کو شروع کرنے کے لیے یہ ایک اچھا موقع ہے۔مشتری اور مریخ کی پانچویں گھر کی نظر آمدن میں اضافہ کا باعث ہوگی کسی جانب سے رقم میسر آئے گی۔

### 17-23

سیارہ عطارد اس ہفتے میں آپ کے حالات پر اثر انداز ہو گا۔وہ لوگ جو کہ پارٹنرشپ کی مدد سے مال و دولت حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں ان کی امیدیں پوری ہونگی۔شمس ۲۲ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔ازدواجی زندگی پر جو نحوست تھی اب ختم ہو جائے گی اس ہفتے میں سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن کے مد نظر صدقہ خیرات دیں۔

### 24-31

اس ہفتے کی ۲۶ اور ۲۷ تاریخیں سعد نہیں ہیں۔نہ چاہتے ہوئے بھی مشکلات آئیں گی۔ان دنوں میں میل جول میں احتیاط برتیں کوئی شخص آپ کے لیے نقصان کا باعث بنے گا۔۳۰ اور ۳۱



free copy
khalidrathore.com
Lunatech Document Processing Solutions

تاریخیں آمدن میں اضافہ لائیں گی۔ قمر کی اپنے ہی برج میں موجودگی سفر کے ذریعے بھی مال و دولت لاسکتی ہے۔ اس لیے سفر کا موقع ملے تو ضرور کریں۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر ۳ ۶ ۷ ہیں۔



## برج سرطان

21 جون تا 20 جولائی سیارہ۔۔قمر

حروف۔۔ح، ہ پتھر۔۔موتی دن۔ پیر

رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا دھات۔۔ٹن عدد۔۔2

**1-8**

برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حوت والے افراد فائدے کا باعث ہونگے۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ بہت بہتر ہوگا۔ زہرہ ۳ تاریخ کو برج قوس میں داخل ہو گا یہاں اس کی موجودگی بے روزگار افراد اور وہ افراد جو ملازمت بدلنا چاہتے ہیں اُن کو موقع ملے گا۔

**9-16**

بیرون ملک سفر کرنے کے خواہشمند افراد کو اس ہفتے میں ۹ تاریخ سے سیارہ مریخ فائدہ دینا شروع کرے گا۔ اس ہفتے کی ۱۱ اور ۱۲ تاریخیں سفر کرنے کے لیے نقصان دہ ہیں۔ قمر برج عقرب میں ہوگا اولاد اور دوستوں کے ساتھ سفر ہو سکیں۔ آپ کو مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔

**17-23**

اس ہفتے میں شادی شدہ افراد کو مشکلات کا سامنا رہے گا۔ سیارہ شمس ۲۲ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔ جو مشکلات میں کمی کا باعث بنے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کو کسی جگہ سے پروپوزل ملے گا۔ اچھے خاندان اور نسب میں شادی ہونے کے قوی امکانات ہیں۔

**24-31**

وہ افراد جو کہ پارٹنر شپ کے تحت بزنس کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو بھرپور مواقع میسر آئیں گے۔ خاص طور پر ۲۷ تاریخ کو جب زہرہ برج جدی میں داخل ہو گا تو ممکن ہے کہ جنس مخالف کے ساتھ ہی پارٹنر شپ کا موقع مل جائے۔ اس ہفتے کے آخری دن آپ کے لیے فائدہ مند ہیں۔ وہ افراد جو انعامی سکیموں کے ذریعے مال و دولت حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن کے لیے لکی نمبر ۱۹۵ ہیں۔



## برج اسد

21 جولائی 20 اگست سیارہ۔۔شمس

حروف۔۔م پتھر۔۔یاقوت دن۔۔اتوار

رنگ۔۔سنہرا اور نج دھات۔۔سونا عدد۔۔1

**1-8**

برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج قوس والے افراد خاصے فائدے کا باعث ہونگے۔ اس ہفتے کی ۵ اور ۶ تاریخیں تبدیلیاں لائیں گی۔ نئے کاموں میں آنے کا موقع ملے گا۔ اس ماہ میں خوش قسمتی آپ کا مقدر بنے گی۔ لوگوں کی طرف سے بھرپور تعاون ملے گا۔

**9-16**

اس ہفتے میں ۹ تاریخ کو سیارہ مریخ برج حوت میں داخل ہوگا۔ اور آپ کی ازدواجی زندگی پر چھائی نحوست کو ختم کرے گا۔ لوگوں کی مدد سے آمدن آئے گی۔ مریخ اور مشتری کی پانچویں گھر کی نظر کسی نئے جگہ پر سرمایہ کاری یا شراکت لے کر آئے گی۔ حلقہ احباب وسعت اختیار کرے گا۔

**17-23**

اس ہفتے میں آپ کے نجی معاملات زیر غور رہیں گے۔ گھریلو امور اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی نوعیت مزید بہتر ہو گی۔ اور آپ کو ذہنی سکون میسر آئے گا۔ گھر کے کسی بڑے فرد کی مدد سے آپ کو بھرپور تعاون ملے گا اور زندگی میں خوشحالی آئے گی۔

**24-31**

وہ افراد جو کہ ذریعہ روزگار یعنی ملازمت کی وجہ سے پریشان تھے اب اُن کی مشکلات میں کمی واقع ہوگی۔ سیارہ شمس کے سعد اثرات کسی نئی جگہ پر روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ آپ کے پبلک ریلیشن آپ کے لیے فائدہ لائیں گے۔ ۳۰ اور ۳۱ تاریخیں آپ کے لیے بہتر ہونگی۔ لیکن یہ بات یاد رہے کہ منتشر مزاجی آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر ۰۹۳ ہیں۔

free copy
khalidrathore.com

## برج سنبلہ



21 اگست تا 20 ستمبر سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔پ، غ پتھر۔۔لاجورد دن۔۔بدھ

رنگ۔۔گہرازرد دھات۔۔ٹن عدد۔۔5

**1-8**

برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں ان کے اپنے ہی برج کے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں داخل ہوگا اور یہاں اس کی موجودگی گھریلو حالات بہتر کرے گی وہ افراد جو گاڑی موٹر وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں۔ اُن کو بھی بھرپور موقع ملے گا۔

**9-16**

اس ہفتے میں سیارہ مریخ برج حوت میں داخل ہوگا۔ شادی کے خواہش مند افراد کو سیارہ مریخ فائدہ دینا شروع کرے گا۔ کاروباری افراد کو پارٹنر شپ کرنے کا موقع ملے گا۔ کسی کی مدد سے آپ کو بھرپور فائدہ ملے گا۔ ادھار دی ہوئی رقم واپس لینے کے لیے یہ موقع بہتر ہے۔

**17-23**

تعلیمی امور میں حصہ لینے کے لیے یہ موقع بہتر ہے۔ اس ماہ میں آپ کا حلقہ احباب خاصا وسیع ہوگا۔ آپ کے دوستوں کا تعاون آپ کے سٹیٹس میں اضافے کا باعث بنے گا۔ ۱۸ اور ۱۹ تاریخیں صحت کے حوالے سے بہت زیادہ بہتر نہ ہونگی۔ اشیاء کا استعمال سوچ سمجھ کر کریں۔

**24-31**

اس ہفتے میں آپ کو سیر و تفریح کا بھرپور موقع ملے گا۔ شمس کی برج جدی میں موجودگی اتفاقی ذرائع آمدن سے دولت لائے گا۔ اس ہفتے میں انعامی سکیموں میں حصہ لینا آپ کے لیے بہت زیادہ بہتر ہوگا۔ تعلیم سے وابستہ افراد کو اس ماہ میں کامیابیاں ملیں گی۔ آپ کا کوئی دوست آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس ماہ میں آپ کے انعامی نمبر ۹۵۳ ہیں۔

## برج میزان



21 ستمبر تا 20 اکتوبر سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر، ت، ط پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا دھات۔۔تانبہ، پیتل عدد۔۔6

**1-8**

برج میزان کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج جوزا والے افراد فائدے کا باعث ثابت ہونگے اس ہفتے میں سیارہ زہرہ برج قوس میں داخل ہوگا۔ یہاں اس کی موجودگی آپ کو رشتہ داروں سے فائدہ دلوائے گی۔ اندرون ملک سفر وسیلہ ظفر بنے گا۔ کاروباری معاملات کے حل کے لیے سفر کا موقع ملے گا۔

**9-16**

اس ہفتے کی ۱۱ اور ۱۲ تاریخیں سفر کرنے کے لیے ناموافق ہیں۔ ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ سفر نہ کریں۔ اچانک اخراجات کا سامنا ہوگا۔ ۹ تاریخ کو مریخ برج حوت میں داخل ہوگا۔ ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط کریں۔ اشتعال انگیزی آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگی۔

**17-23**

شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ نجی معاملات زیر بحث آئیں گے۔ جن کی وجہ سے آپ کو ذہنی کوفت ہو گی۔ صدقہ خیرات دیں تاکہ مشکلات میں کمی واقع ہو۔ گھریلو ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ سیارگان کی پوزیشن کے مطابق گھر کے کسی فرد کی طرف سے پریشانی آئے گی۔

**24-31**

اس ہفتے میں کامیابی کا تناسب زیادہ رہے گا۔ لوگوں کی طرف سے تعاون حاصل ہوگا۔ ۲۷ تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا۔ اشیاء کی خرید و فروخت کے سلسلے میں بات چیت چلے گی۔ ہفتے کے آخری دن کامیابی دلائیں گے۔ کاروباری افراد کو فائدہ نصیب ہوگا اور حالات بدلنا شروع ہونگے۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر ۰۸۶ ہیں۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

راہنمائے عملیات کو اپنے دوستوں، رشتے داروں اور علوم مخفی کے ماہرین سے متعارف کروائیں

# برج عقرب



**21 اکتوبر تا 20 نومبر سیارہ۔۔ پلوٹو**

حروف۔۔ ذ، ز، ض، ظ، ن پتھر۔۔ مرجان، عقیق سرخ دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ گہرا سرخ دھات۔۔ لوہا، تانبہ عدد۔۔ 9

**1-8**

برج عقرب کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج سرطان والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتے کے درمیان سے آپ کے مالی معاملات بہتر ہونا شروع ہونگے جب ۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں داخل ہوگا۔ کھانے پینے کی اشیاء وافر میسر آئیں گی۔ ہفتہ اچھا گذرے گا۔

**9-16**

۹ تاریخ کو مریخ برج حوت میں داخل ہوگا۔ یہاں اس کی موجودگی تعلیمی معاملات میں ایڈمیشن لینے کے لیے یہ بہتر موقع ہے۔ اولاد کی جانب توجہ مبذول ہوگی۔ مریخ اور زحل کی چوتھے گھر کی نظر بچوں کی طرف سے پریشانی لاسکتی ہے۔ اس لیے صدقہ خیرات دیں تاکہ آپ کی مشکلات میں کمی واقع ہو۔

**17-23**

شریک حیات کے ساتھ اشیاء کی خریداری کا موقع ملے گا۔

۲۱ تاریخ کو قمر برج حوت میں داخل ہوگا قمر اور مریخ کا قران جنس مخالف کی طرف آپ کی دلچسپی بڑھائے گا۔ جبکہ ۲۲ تاریخ کو شمس برج جدی میں داخل ہوگا۔ رشتے دار، ہمسائے آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگے۔ کاروباری سفر آپ کے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔

**24-31**

اس ہفتے میں ۲۷ تاریخ کو زہرہ برج جدی میں وہ افراد جن کے ازدواجی امور رشتے داروں میں طے ہونے ہیں۔ اُن کے لیے یہ ہفتہ خاصا اہم ہے۔ تجارتی امور کی غرض سے اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند رہے گا لیکن کامیابی دیر سے ملے گی۔ خاص طور پر ۳۰ اور ۳۱ تاریخیں بہتر ہیں۔ اس ماہ میں انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے آپ کے لکی نمبر ۹۵۳ ہیں۔

# برج قوس



**21 نومبر تا 20 دسمبر سیارہ۔۔ مشتری**

حروف۔۔ ف پتھر۔۔ پکھراج دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ ہلکا ارغوانی دھات۔۔ ٹن، سونا، چاندی عدد۔۔ 7

**1-8**

برج قوس کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج حمل والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں آپ کو نجی نوعیت کی مصروفیات سے گزرنا پڑے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تلخ کلامی ہوسکتی ہے اس لیے اپنی طبیعت کو کنٹرول میں رکھیں۔ خاص طور پر جب زہرہ برج قوس میں ۳ تاریخ کو آئے گا تو آپ کی طبیعت میں اتار چڑھاؤ آئے گا۔

**9-16**

یہ ہفتہ گھریلو امور کے حوالے سے اہم ہوگا۔ ۹ تاریخ کو مریخ برج حوت میں داخل ہوگا یہاں اس کی موجودگی گھر میں انتشار لائے گی ممکن ہے کہ گھر کے افراد کی کسی معمولی بات پر بے چینی پھیلے۔ اس ہفتے میں ۱۱ اور ۱۲ تاریخیں نحس ہیں ان دنوں میں نقصان ہوسکتا ہے احتیاط کریں۔

**17-23**

یہ ہفتہ ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے گا۔ کاروباری افراد کو نئی جگہ پر انوسٹمنٹ کرنے کا موقع ملے گا لیکن بدلتی ہوئی سیارگان کی پوزیشن کے پیش نظر فیصلہ کریں تاکہ بعد میں مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ شمس ۲۲ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا تو ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث ہوگا۔

**24-31**

اس ہفتے میں ۲۷ تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو کسی اچھی جگہ پر ملازمت مل سکتی ہے۔ وہ افراد جو تبدیلی ملازمت کے بارے میں سوچ رہے ہیں اُن کو اس ماہ میں عملی قدم اٹھانا چاہیے اچھی جگہ پر ملازمت مل جائے گی۔ ایک سے زیادہ ذرائع آمدن متوقع ہونگے۔ وہ افراد جو انعامی سکیموں میں حصہ لیتے ہیں اُن کے لیے لکی نمبر ۳۴۷ ہیں۔

free copy
khalidrathore.com

# برج جدی



**21 دسمبر تا 20 جنوری　سیارہ۔۔زحل**

**حروف۔۔ج، خ، گ　پتھر۔۔نیلم گاؤمیدک　دن۔۔ہفتہ**

**رنگ۔۔گہرانیلا، سلیٹی　دھات۔۔سونا، پلاٹینم　عدد۔۔8**

**1-8**

برج جدی کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حمل والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ ہفتے کے پہلے ۲ دنوں میں تو کچھ مشکلات کا سامنا ہوگا لیکن ۳ تاریخ کو جب زہرہ برج قوس میں داخل ہوگا تو طبیعت میں کچھ تبدیلیاں آنا شروع ہو جائیں گی۔ جنس مخالف کی طرف سے ہوشیار رہیں۔ حد سے زیادہ اعتماد نقصان دہ ثابت ہوگا۔

**9-16**

اس ہفتے میں مریخ کی پوزیشن بدلنے کے بعد ذرائع آمدن میں نشیب وفراز آنا شروع ہو جائیں گے۔ ۱۱، ۱۲ تاریخیں گھریلو حالات میں کشیدگی لے کر آئیں گی۔ گھر والوں کے ساتھ لمبا سفر ان تاریخوں میں نہ کریں نقصان دہ ہوگا۔ ۱۶ تاریخ کو سیارہ عطارد برج جدی میں داخل ہوگا جو آپ کو ذہنی سکون دے گا بے چینی ختم ہوگی۔

**17-23**

مالی حالت میں نمایاں تبدیلیاں آئیں گی۔ اور آپ کی توجہ کا مرکز بھی واضع طور پر اپنے ذریعہ معاش ہی کی طرف ہوگا خاص طور پر جب ۲۲ تاریخ کو شمس برج جدی میں داخل ہو جائے گا تو عزت شہرت میں اضافے کا باعث بنے گا۔ آپ کی ساکھ بہتر ہوگی۔ لوگوں کے ساتھ میل جول آپ کو فائدہ دے گا۔

**24-31**

اس ہفتے میں ۲۷ تاریخ سے سیارہ زہرہ فائدہ دینا شروع کرے گا مالی اور معاشی حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ لیکن جہاں ازدواجی تعلقات اور ذہنی سکون کے میسر آنے کی بات ہے تو ایسے معاملات میں کامیابی دیر سے حاصل ہوگی۔ شمس اور مشتری کی مقابلہ کی نظر رشتوں کی راہ میں رکاوٹ لائے گی۔ پارٹنر شپ جیسے امور التوا میں جائیں گے۔ انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے افراد کے لیے اس ماہ میں لکی نمبر ۱۶۵ ہیں۔

# برج دلو



**21 جنوری تا 20 فروری　سیارہ۔۔یورانس/زحل**

**حروف۔۔س، ش، ث　پتھر۔۔عقیق یمنی، نیلم　دن۔۔ہفتہ**

**رنگ۔۔سیاہ　دھات۔۔پلاٹینیم　عدد۔۔4**

**1-8**

برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حوت والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں کچھ غیر یقینی سی صورتحال سے واسطہ پڑے گا۔ خاص طور پر ۳ اور ۴ تاریخیں زہرہ اور زحل کی مقابلہ کی نظر ذہنی، جسمانی پریشانی اور غیر ضروری اخراجات لے کر آئے گی اس لیے احتیاط کریں۔

**9-16**

اس ہفتے میں ۹ تاریخ کو سیارہ مریخ برج حوت میں داخل ہوگا اور ذرائع آمدن کا ایک نیا باب کھلے گا۔ کاروباری افراد کو رشتے داروں کے ساتھ مل کر بھی کاروبار کرنے کا موقع مل سکتا ہے اس لیے موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ ۱۱ اور ۱۲ تاریخیں کاروباری سفر کے لیے نقصان دہ ہیں۔ سفر کرتے وقت احتیاط کریں۔

**17-23**

۲۱ تا ۲۳ تاریخیں اہم ہیں۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا حالات مثبت رُخ جانا شروع ہونگے۔ انہی دنوں میں سیارہ شمس اپنی پوزیشن بدلے گا وہ افراد جن کے رشتے کی بات چیت چل رہی تھی اب ختم ہو سکتی ہے۔ اگر آپ نے کسی سے معاہدہ کیا ہے تو کینسل ہو سکتا ہے۔

**24-31**

۲۷ تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا بیرون ملک سفر کرنے کے خواہش مند افراد کو کسی جانب سے آفر ہوگی لیکن اخراجات بدستور بڑھتے رہیں گے جن کی وجہ سے آپ مالی مشکلات کا شکار ہونگے۔ ۳۰ اور ۳۱ تاریخیں ذریعہ روزگار کے لیے بہتر نہ ہونگی۔ کوئی تبدیلی واقع ہو سکتی ہے۔ وہ افراد جو انعامی سکیموں میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔ اُن کے لیے لکی نمبر ۳۸۰ ہیں۔

باقی صفحہ 6 پر

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

راہنمائے عملیات کو اپنے دوستوں، رشتے داروں اور علوم مخفی کے ماہرین سے متعارف کروائیں

# برجِ قوس

از: سید محمد اسحاق راٹھور

| | |
|---|---|
| عرصہ | ۲۱ نومبر تا ۲۰ دسمبر |
| حاکم سیارہ | مشتری |
| عنصر | آتشی |
| ماہیت | ذوجسدین |
| حصہ جسم | ران |
| موافق نگینہ | نیلم' فیروزہ' پکھراج |
| موافق دن | منگل |
| موافق نمبر | 2 |
| موافق رنگ | ارغوانی' بنفشی' نیلا سیاہ |
| موافق پھول | نرگس آبی |
| موافق شریک کار | جوزا |
| موافق افراد | حمل' قوس |
| ناموافق افراد | سنبلہ' حوت |
| بائیوکیمک نمک | سلیشیا |

## ظاہری شخصیت:

قوس' سیارہ مشتری کا حامل برج ہے۔ اس کی وضاحت اس کے اس علامتی نشان سے ہوتی ہے جس کا سر انسانی اور دھڑ گھوڑے کا ہے۔ اوپر سے ہاتھ میں تھاما ہوا ہے تیر۔ قوس افراد گھوڑے کی سی پھرتی۔ قوت اور انسان کی طرح عقل و دانش کا منبع ہوتے ہیں۔ قوس افراد کا جسم مضبوط و توانا ہوتا ہے۔ طویل القامت' خوبصورت اور پُرکشش چہرے کے مالک ہوتے ہیں۔ چہرے کی ساخت عموماً کتابی' لمبوتری یا بیضوی ہو سکتی ہے۔ انکی غزالی آنکھیں دیکھنے والے کو ایک سحر سے دوچار کرتی ہیں۔ بڑے بڑے کان ہوتے ہیں۔ قوس افراد کا ناک قدرے لمبا اور عقابی قسم سے تعلق رکھتا ہے۔ بعض اوقات چہرے اور بغل میں تل بھی ہوتا ہے۔ کسی محفل میں انہیں پہچاننا اس طرح آسان ہے کہ وہ فرد جس کے گرد ایک ہجوم نہ لگا ہو لیکن پھر بھی وہ لوگوں کی توجہ کا مرکز ہو اور سب اس کی خوش مزاجی' خوش امیدی اور خوش گوئی سے مسرور ہو رہے ہوں' سمجھ لیں وہ قوس شخص ہے اکثر اوقات ان کی کھری کھری باتیں دوستوں کو پریشان کر دیتی ہیں۔ بددیانتی سے کام نہیں لیتے۔ جو بھی کرتے اور کہتے ہیں مکمل اعتماد سے کہتے ہیں۔ مدلل اور کامیاب بحث کرتے ہیں۔ ان کا چھوڑا ہوا تیر زیادہ تر درست نشانے پر لگتا ہے۔

## زندگی کے متعلق نقطہ نظر:

قوس افراد ہر وقت نئی تحریکوں کو جنم دینے کی تگ و دو میں مصروف نظر آتے ہیں۔ قوس مشتری کے زیر اثر ہے۔ جو نظام شمسی کا سب سے بڑا سیارہ اور نجوم میں پھیلاؤ' وسعت اور نشوونما سے منسوب ہے۔ اس سے قوس افراد کے اندر مشتری کی خوبیوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ یہ فرد میں فکر و نظر' سوچ بچار اور شعور میں پختگی پیدا کرتا ہے۔ انسان اپنے اندر اچھی صفات پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ قوس افراد کا اپنے مذہب پر مکمل اعتقاد ہوتا ہے۔ وہ اپنی زندگی میں فارغ رہنا یا وقت کا ضیاع برداشت نہیں کرتا۔ قوس کے بارے میں نفسیاتی ماہرین رائے دیتے ہیں کہ وہ سونے تک خالی الذہن نہیں ہوتے۔

معمول کی زندگی قوس کو قبول نہیں اس لئے ضروری نہیں کہ وہ تبدیلی کا احساس پہاڑ سے چھلانگ لگا کر ہی کرے۔ ممکن ہے کہ وہ اکثر قانونی حد سے زائد رفتار پر کار چلائے۔ اکثر ہوابازوں' خطرناک دوڑوں' کوہ پیماؤں اور بل فائیٹرز کا تعلق اسی برج سے ہوتا ہے۔ قوس

